Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 — پیر، 20 اپریل 2026ء، 2 ذیقعد 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 08

فیلڈ مارشل ٹرمپ رابطہ

ایران امریکا مذاکرات آئندہ ہفتے ہونے کا امکان

ایران کے ساتھ ایک یا دو دن میں معاہدہ طے پانے کا امکان ہے، امریکی صدر ٹرمپ کا بڑا دعویٰ، امریکی ایڈوانس ٹیم مذاکرات کے دوسرے مرحلے سے پہنچ گئی، دوسرا مرحلہ جمعہ سے پہلے متوقع ہے، ذرائع

ریڈ زون تک جانے والی سڑکیں بند، دس ہزار اہلکار تعینات، فول پروف سکیورٹی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، سی پی او راولپنڈی

وفاقی وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی کو اوآئی سی سی کے دورے کے موقع پر سیکرٹری جنرل عبدالعلیم سووینئر پیش کررہے ہیں

اسلام آباد / واشنگٹن / راولپنڈی (این این آئی) عرب میڈیا نے دو پاکستانی سکیورٹی ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات اگلے ہفتے ہونے کا امکان ہے، امریکی ایڈوانس ٹیم ایران سے مذاکرات کے دوسرے مرحلے سے قبل پاکستان پہنچ گئی۔ عرب میڈیا سے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر گفتگو کرتے ہوئے پاکستانی سکیورٹی اہلکاروں نے کہا کہ مذاکرات کا (بقیہ نمبر 1)

امریکی ایڈوانس سکیورٹی ٹیم کے 6 خصوصی طیارے پاکستان پہنچ گئے

امریکی ایڈوانس ٹیم خصوصی طیاروں کے ذریعے نور خان ائیر بیس پہنچی

امریکی ایڈوانس سکیورٹی ٹیم کے ہمراہ لاجسٹک سامان اور گاڑیاں بھی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کے دوسرے مرحلے کے لیے امریکی ایڈوانس سکیورٹی ٹیم کے 6 خصوصی طیارے پاکستان پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق امریکی ایڈوانس ٹیم خصوصی طیاروں کے ذریعے نور خان ائیر بیس پہنچی (بقیہ نمبر 2)

ہسپتالوں میں کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے الرٹ جاری

عید قربان سے پہلے کانگو وائرس سے بچاؤ، مشتبہ کانگو کیسز کے سیمپلز پبلک ہیلتھ لیب بھیجنے کی ہدایت

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ہسپتالوں میں کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے الرٹ جاری کردیا گیا۔ محکمہ صحت کی جانب سے جاری ایڈوائزری میں عید قربان سے پہلے کانگو وائرس سے بچاؤ کیلئے اقدامات کی ہدایت کی گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 5)

سکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن 5 خوارج جہنم واصل

ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا، مارے گئے خوارج بھارتی سرپرستی میں دہشتگردی میں ملوث تھے

لکی مروت (مانیٹرنگ ڈیسک) لکی مروت میں سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 5 خوارج ہلاک کردیے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے لکی مروت میں انٹیلی جنس بیسڈ (بقیہ نمبر 4)

گندم کٹائی سیزن شروع آٹے کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ

رواں سیزن کے لیے گندم کی سرکاری قیمت 3500 روپے فی من مقرر کی گئی ہے، ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں گندم کی کٹائی کا سیزن شروع ہوگیا ہے، تاہم دوسری جانب آٹے کی قیمتوں میں نمایاں اضافے نے شہریوں کو پریشانی میں مبتلا کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق رواں سیزن کے لیے گندم (بقیہ نمبر 3)

"پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس

کوٹلی ستیاں

مری میں سکائی گلاس برج پراجیکٹ کی اصولی منظوری

سیاحت کے فروغ کے لئے پنجاب کا پہلا سکائی گلاس برج کوٹلی ستیاں میں بنایا جائے گا، مری میں لینڈ سلائیڈنگ کے سدباب کے لئے عالمی ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کا فیصلہ

ضلع مری میں دریا جہلم سے "بلک واٹر سپلائی سکیم" کی فزیبلٹی رپورٹ 30 اپریل تک مکمل کرنے کا حکم، مری اور کوٹلی ستیاں میں 1876 گھروں میں رین واٹر ہارویسٹنگ سسٹم کامیابی سے جاری

ڈفلو ڈاؤن ہل لیفلکٹ کے سدباب کے لئے فوری اقدامات کی ہدایت، چھانگلہ موڑ، دریا گلی، بانسرہ گلی، نمل جھیکا گلی اور دیگر علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے متاثرین کی بحالی اور امداد کے اقدامات کا حکم

مری کے مضافاتی علاقے شوالا، سوز و اور برروری میں ہاسپیٹلٹی زون قائم ہوں گے، نئے ہاسپیٹلٹی زون میں نجی شعبے کے اشتراک سے 5 سٹار معیار کے ہوٹل بنائے جائیں گے

بانسرہ گلی میں زولوجیکل گارڈن، مری زولوجیکل گارڈن ایکوزون، برج کراسنگ اور سٹیٹ آف دی آرٹ کانفرنس روم قائم، وائلڈ لائف کے تحفظ کے لئے بیئر (ریچھ) ہاؤس، ٹائیگر ہاؤس، برڈ آئیوری قائم

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مری کے علاقے کوٹلی ستیاں میں سکائی گلاس برج پراجیکٹ کی اصولی منظوری دے دی۔ سیاحت کے فروغ کے لئے پنجاب کا پہلا سکائی گلاس برج کوٹلی ستیاں میں بنایا جائے گا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مری تحفظ و بحالی پلان پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مری (بقیہ نمبر 16)



لاہور ٹیکس بار کے صدر رانا ثاقب منیر، جنرل سیکرٹری فاروق گجر کی قیادت میں وفد چیف کمشنر ایل ٹی او یاسر علی کو ڈائریکٹری پیش کر رہا ہے

اسحاق ڈار کی بیرون ممالک کے وزرا سے اہم ملاقات

پاکستان نے مذاکرات میں سہولت کاری میں اہم کردار ادا کیا ہے، برطانوی وزیر داخلہ

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر داخلہ اور پولینڈ کے نائب وزیراعظم نے پاکستانی نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ملاقات کی جس میں جنگ بندی میں توسیع اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ برطانوی وزیر داخلہ یویٹ کوپر نے اسحاق ڈار سے اہم ملاقات (بقیہ نمبر 6)

نوجوان کو چھریوں کے وار سے قتل کرنے والے دو سگے بھائی گرفتار

لاہور (این این آئی) ڈیفنس سی میں نوجوان کو چھریوں کے وار کر کے قتل کرنے کے واقعہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ انچارج انویسٹی گیشن کے مطابق نوجوان (بقیہ نمبر 7)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی پاکستان میں روانڈا کی ہائی کمشنر فاتو ہریمانا سے ملاقات کر رہے ہیں

محکمہ داخلہ میں علماء کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری

چیئرمین کابینہ کمیٹی سے چانسلر الغزالی یونیورسٹی و پیٹرن انچیف جامعۃ الرشید مفتی عبدالرحیم کی ملاقات

پاکستان میں امن کو خراب کرنے کے بھارتی منصوبے الحمدللہ مسلسل ناکام ہو رہے ہیں' خواجہ سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق سے چانسلر الغزالی یونیورسٹی و پیٹرن انچیف جامعۃ الرشید مفتی عبدالرحیم نے ملاقات کی۔ سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، سپیشل سیکرٹری فضل الرحمان، ایڈیشنل سیکرٹری سپیشل ایشیٹو عبدالرؤف و دیگر ملاقات میں شریک تھے۔ جامعۃ الرشید کے وفد میں انجینئر مفتی عثمان، مولانا سلمان (بقیہ نمبر 23)

پاکستانی معیشت بحران سے نمٹنے کی بہتر صلاحیت رکھتی ہے، گورنر سٹیٹ بینک

بہتر ابتدائی حالات کے باوجود معیشت کو اب مشرق وسطیٰ کی حالیہ پیش رفت کے باعث پیدا ہونے والے چیلنجز کا سامنا ہے، جمیل احمد

اسٹیٹ بینک اور حکومت قیمتوں کے استحکام کو برقرار رکھنے اور معاشی استحکام کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات سے گریز نہیں کریں گے

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعے سے پیدا ہونے والے معاشی بحران سے نمٹنے کے لیے پاکستانی معیشت نسبتاً بہتر پوزیشن میں ہے۔ گورنر جمیل احمد نے ان خیالات کا اظہار معروف عالمی مالیاتی اور سرمایہ کاری اداروں، جن میں جے پی مورگن، بارکلیز، سٹی بینک، جیفریز اور فرینکلن ٹیمپلٹن شامل ہیں کے علاوہ (بقیہ نمبر 8)

حمزہ شہباز کی سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق سے ملاقات

دونوں رہنماؤں کے درمیان مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی۔ حمزہ شہباز کی آمد پر صوبائی (بقیہ نمبر 24)

لاہور: صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق سے پیٹرن انچیف جامعۃ الرشید مفتی عبدالرحیم کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی پولیس کے ہمراہ دبنگ کارروائیاں جاری

جیسلانی موڑ پر ملاوٹی دودھ کی لاہور ترسیل ناکام بنا دی گئی

ایک ہزار لٹر سے زائد ناقص دودھ تلف، ذمہ داروں کیخلاف کارروائی شروع

ننکانہ صاحب (این این آئی) ننکانہ صاحب میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی پولیس کے ہمراہ دبنگ کارروائیاں جاری ہیں جیسلانی موڑ پر ملاوٹی دودھ کی لاہور ترسیل ناکام بنادی گئی ایک ہزار لٹر سے زائد ناقص دودھ تلف کر کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی شروع (بقیہ نمبر 10)

جہلم، انجینئر محمد علی مرزا پر قاتلانہ حملہ، جوابی فائرنگ سے حملہ آور ہلاک

جہلم (این این آئی) جہلم کے تھانہ سٹی کی حدود میں انجینئر محمد علی مرزا کی اکیڈمی پر فائرنگ کرنے والا ملزم جوابی کارروائی میں مارا گیا۔ رپورٹ کے مطابق جی ٹی ایس چوک میں واقع قرآن ریسرچ اکیڈمی کے باہر فائرنگ کی گئی، پولیس کی جوابی فائرنگ سے حملہ آور (بقیہ نمبر 9)

ملازمت، کاروبار یا دیگر پیشوں سے وابستہ

وکلاء کیخلاف سخت کریک ڈاؤن کا فیصلہ

ایسے تمام وکلاء کو رضا کارانہ لائسنس سرنڈر کرنے کیلئے 15 مئی تک کی حتمی اور غیر توسیعی مہلت دیدی گئی

فیصلے پر ہر صورت عملدرآمد، کسی بھی دباؤ یا سفارش کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا' وائس چیئرمین قیصر بٹ

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے وکالت کے قانونی پیشے کو "دوہری وابستگی" سے پاک کرنے کے لیے بڑا اور فیصلہ کن اقدام اٹھاتے ہوئے ملازمت، کاروبار یا دیگر پیشوں سے وابستہ وکلاء کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا۔ وائس چیئرمین خواجہ قیصر بٹ اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فخر حیات اعوان نے کہا کہ ایسے افراد جو اپنی اصل پیشہ ورانہ مصروفیات کو چھپا کر وکالت کا لائسنس (بقیہ نمبر 17)

چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے نادرا ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

اوباش نوجوان کی معصوم بچے سے زیادتی کی کوشش ناکام

ننکانہ صاحب (این این آئی) ننکانہ صاحب تھانہ سٹی کے علاقہ کینڈا کالونی میں اوباش نوجوان کی ورغلا کر لالچ کے بہانے 11 سال کے معصوم بچے کے ساتھ بدفعلی کی کوشش پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ ننکانہ صاحب کے تھانہ سٹی کے علاقہ کینڈا کالونی میں 11 سالہ عمر دراز جو کہ باہر گلی میں کھیل رہا تھا کہ اوباش نوجوان اسحاق معصوم عمر دراز کو چاکلیٹ اور شرٹ لیکر دینے کے بہانے (بقیہ نمبر 18)

فیصل آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے حج آپریشن کا آغاز

تقریب کا انعقاد، پی آئی اے کی پرواز 158 کو لے کر روانہ ہوئی

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے حج آپریشن 2026 کا باقاعدہ آغاز ہو گیا، پہلی حج پرواز پی کے 4003-158 حجاج کرام کو لے کر فیصل آباد سے روانہ ہوئی۔ اس موقع پر ایئرپورٹ پر افتتاحی تقریب منعقد (بقیہ نمبر 25)

بلال یاسین کا انتخابی حلقے کے مختلف علاقوں کا دورہ

ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا، رواں مالی سال میں پنجاب کی تاریخ کے ریکارڈ ترقیاتی کام مکمل کیے جائیں گے

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں شاہراہوں اور گلیوں کی تعمیر کا جال بچھایا جا رہا ہے' صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے حلقے کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور حلقے میں مکمل ہونیوالے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ حلقہ عمائدین اور لیگی کارکنان نے صوبائی وزیر بلال یاسین کا پرتپاک استقبال اور شکریہ ادا کیا۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے مختلف علاقوں میں مجوزہ منصوبہ بندی اور مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد سے روٹ ٹو مکہ کی پہلی حج پرواز مدینہ منورہ چلی گئی

ہر حاجی کو سعودی عرب پہنچتے ہی مفت سعودی سم فراہم کی جائے گی، وفاقی وزیر مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد سے روٹ ٹو مکہ کی پہلی حج پرواز 270 عازمین کو لے کر مدینہ منورہ چلی گئی۔ سعودی ایئرلائن کی پرواز ایس وی 5723 دن 11 بجے روانہ ہوئی۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف، سعودی ڈپٹی ہیڈ مشن محمد ال علی اور جوائنٹ (بقیہ نمبر 13)

کبوتر کو پکڑتے ہوئے بجلی کا کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) گھر کی چھت پر بجلی کی تار پر بیٹھے کبوتر کو پکڑتے ہوئے بجلی کا کرنٹ لگنے سے 28 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ جس کی ریسکیو کر کے ورثا کے سپرد کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر سے ملحقہ آبادی حیدر آباد ٹاؤن کی گلی نمبر 7 کے مکان کی (بقیہ نمبر 12)

سرگودھا، تیز رفتاری کے باعث دو موٹر سائیکلوں میں تصادم

نوجوان جاں بحق، رمیاں بیوی ان کا بچہ زخمی، پولیس مصروف تفتیش

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتاری کے باعث دو موٹر سائیکلوں کے تصادم میں نوجوان جاں بحق، میاں بیوی اور ان کا بچہ شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا میں سلانوالی روڈ پر چک 124 پھاٹک کے قریب تیز رفتاری کے باعث دو موٹر (بقیہ نمبر 19)

آؤٹ سورسڈ کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز کی تعیناتی کا فیصلہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کمیونٹی ہیلتھ سروسز پروگرام کیلئے سپلیمنٹری گرانٹ کی منظوری دیدی گئی

دیہی اور پسماندہ علاقوں میں صحت سہولیات کی رسائی بڑھانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے آؤٹ سورسڈ کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز کی تعیناتی کا فیصلہ کیا ہے، مریم نواز کمیونٹی ہیلتھ سروسز پروگرام کیلئے سپلیمنٹری گرانٹ کی منظوری دیدی گئی۔ مریم نواز کمیونٹی ہیلتھ سروسز پروگرام کو وسعت دینے کیلئے اضافی فنڈز جاری کرنے کی منظوری دیدی گئی ہے، گھر گھر صحت کی سہولیات کی نگرانی مزید موثر بنانے کا اہم فیصلہ کیا گیا ہے، منصوبے کے تحت دیہی اور شہری علاقوں (بقیہ نمبر 26)

میرا نہیں خیال کہ پیر کو مذاکرات ہو رہے ہیں

اب بھی کچھ معاملات پر اختلاف پایا جاتا ہے، ایرانی سفارتی ذرائع

تہران (این این آئی) ایک ایرانی سفارتی ذرائع نے کہا ہے کہ میرا نہیں خیال کہ پیر کو مذاکرات ہو رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایسے وقت میں جب اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کے دوسرے دور کی تاریخ پر قیاس آرائیاں چل رہی (بقیہ نمبر 20)

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ حضوری باغ میں سکھ یاتریوں کے ساتھ ڈھول کی تھاپ پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

تیز رفتار کار موٹر سائیکلوں کو زد میں لیتے ہوئے نہر میں جا گری، 4 افراد زخمی

لاہور (این این آئی) کینال روڈ پر ڈاکٹر ہسپتال کے قریب تیز رفتاری کے باعث کار بے قابو ہو کر موٹر سائیکل سواروں کو زد میں لیتے ہوئے نہر میں جا گری جس کے نتیجے میں چار افراد زخمی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق حادثے کی زد میں آ کر دو موٹر سائیکلوں پر سوار تین افراد بھی زخمی ہو گئے جبکہ کار ڈرائیور بھی شدید (بقیہ نمبر 14)

رواں سال گرمیوں کی تعطیلات کم کی جائیں' ماہر تعلیم

گزشتہ تعلیمی سال کے دوران صرف 109 دن پڑھائی ہوئی، رضا الرحمٰن

لاہور (این این آئی) ماہر تعلیم رضا الرحمٰن نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ رواں سال گرمیوں کی تعطیلات کم کی جائیں تاکہ طلبہ کے شدید تعلیمی نقصان کی تلافی ممکن ہو سکے، گزشتہ تعلیمی سال کے دوران صرف 109 دن پڑھائی ہو سکی جبکہ بچے سکول سے (بقیہ نمبر 27)

شرپسندوں کی جانب سے چلتی ٹرین میں پتھر پھینکنے سے ایک مسافر زخمی

ائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ کے قریب شرپسندوں کی جانب سے چلتی ٹرین میں پتھر پھینکنے سے ایک مسافر زخمی ہو گیا۔ 65 سالہ مسافر محمد اقبال کراچی ایکسپریس (بقیہ نمبر 28)

چوہدری شفقت محمود کی شادی حال کیخلاف کارروائی

نجی شادی حال کو رات دیر تک تقریب جاری رکھنے پر 2 لاکھ روپے جرمانہ، ہال کو سیل کر دیا گیا

شہریوں سے ریٹ لسٹ سے زائد قیمت وصول کرنے والے دکانداروں پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے ہیں

فتح جنگ (نمائندہ خصوصی) تحصیلدار و پرائس کنٹرول مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود اور ان کی ٹیم نے حکومت کے احکامات کی خلاف ورزی پر ایک نجی شادی ہال کو رات 10 بجے کے بعد تقریب جاری رکھنے پر 2 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا اور شادی ہال سیل کر دیا گیا اور ہال کے مالک کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ چوہدری شفقت محمود نے فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتے ہوئے واضح کیا کہ خلاف ورزی پر کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ اسی طرح، گراں فروشی کے خلاف بھی کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ شہریوں سے (بقیہ نمبر 15)



تحصیلدار و پرائس کنٹرول مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود اور ان کی ٹیم نجی شادی ہال کو قانون کی خلاف ورزی پر سیل کر رہے ہیں

صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر وزیراعلیٰ پنجاب نیشنل میراتھن اور سائیکلنگ ریس کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

شہر کے مختلف علاقوں سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد

پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد لاشیں مردہ خانہ منتقل کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے مختلف علاقوں سے تین نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق راوی روڈ، سبزی منڈی گیٹ نمبر 1 کے قریب سے 75 سالہ نامعلوم شخص مردہ حالت میں ملا، شاہدرہ (بقیہ نمبر 21)

ضلع گجرات میں 8 مثالی گاؤں قائم کیے جا رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر

5 دیہات میں کام کا آغاز ہو چکا ہے، سست رفتاری پر تشویش کا اظہار

گجرات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر گجرات نور العین قریشی کی زیر صدارت لوکل گورنمنٹ کے تحت جاری مثالی گاؤں (ماڈل ویلیج) منصوبے کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈویژنل کوآرڈینیٹر ماڈل ویلیج پروگرام محمد عبداللہ نے بریفنگ (بقیہ نمبر 22)

وساکھی میلہ میں شرکت کیلئے آئے سکھ یاتری واپس بھارت روانہ

خطے میں جنگی صورتحال کے باوجود پاکستانی حکومت نے مذہبی عبادات کے لیے پرسکون ماحول فراہم کیا

پاکستان سے ملنے والی محبت اور امن کے پیغام کو بھارت سمیت دوسرے ملکوں تک پہنچائیں گے' گفتگو

سکھ یاتری ڈرے خیالات لیکر پاکستان آئے، واپسی پر محبت اور امن کا پیغام سمیٹتے ہوئے جا رہے ہیں' رمیش سنگھ اروڑہ

لاہور (این این آئی) وساکھی میلہ میں شرکت کے لئے پاکستان آئے سکھ یاتری واپس بھارت روانہ ہو گئے۔ واہگہ بارڈر پر پردھان پاکستان سکھ گردوارہ پربندھک کمیٹی و صوبائی وزیر سردار رمیش سنگھ اروڑہ اور چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ قمر الزمان نے یاتریوں کو رخصت کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز ناصر مشتاق، سیکرٹری بینار تیز عثمان خان اور دیگر بھی موجود تھے۔ بھارت واپس جانے والے سکھ یاتریوں نے پاکستان کی مثالی مہمان نوازی، سہولیات اور احترام پر جذباتی انداز (بقیہ نمبر 29)

لاہور: صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ رخصت کرنے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ناقص حفاظتی اقدامات

اگلے روز کراچی میں گٹر کی صفائی کے دوران تین مزدور زہریلی گیس کے باعث جان کی بازی ہار گئے۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ نہیں' سینیٹری ورکرز کے حقوق کیلئے کام کرنے والی ایک غیر سرکاری تنظیم کے مطابق ملک میں ہر سال 100 کے قریب سینیٹری ورکرز مین ہول کے حادثات میں جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ ٹیکنالوجی کے اس جدید دور میں' جب اس مقصد کیلئے دنیا بھر میں مشینیں استعمال ہوتی ہیں' ہمارے ہاں اب بھی گٹروں کی دستی صفائی کا نظام رائج ہے' اور اس میں بھی حفاظتی اقدامات کو بروئے کار نہیں لایا جاتا۔

محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ کی جانب سے گٹروں کی صفائی کرنیوالے ورکرز کیلئے گیس ماسک' آکسیجن سلنڈر' وینٹی لیشن سسٹم اور حفاظتی سوٹ سمیت 17 حفاظتی آلات کو لازمی قرار دیا گیا ہے لیکن عملی طور پر ان ورکرز کو حفاظتی سامان کے طور پر صرف ایک رسی فراہم کی جاتی ہے۔ یہ صورتحال فوری اور سخت اقدامات کی متقاضی ہے۔ انسانی جان کی حفاظت سب سے مقدم ہے' اسلئے گٹروں کی دستی صفائی پر مکمل پابندی عائد کی جانی چاہیے اور اسے جدید سکشن' جیٹنگ اور روبوٹک مشینوں سے تبدیل کیا جانا چاہیے۔ اگر کسی مجبوری کے تحت لائن کی دستی صفائی ضروری ہو تو گٹر مینوں کو مکمل حفاظتی کِٹ فراہم کی جانی چاہیے۔ حفاظتی قواعد پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ حکام کیخلاف سخت کارروائی بھی ناگزیر ہے۔

شکریہ پاکستان، شکریہ وزیراعظم، شکریہ فیلڈ مارشل!

عمران یعقوب خان

یہ تین تاریخی فقرے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے کے اعلان کے موقع پر اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر تحریر کیے۔ یہ یادگار فقرے اب تاریخ کا حصہ ہیں۔ اُس تاریخ کا جو وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے حالیہ چند دنوں میں رقم کی ہے۔ امن کے قیام کی ان کاوشوں میں ان کے ساتھ وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی شامل تھے۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھوں بار شکر کہ یہ کوششیں بارآور ثابت ہوئیں اور پاکستان ایک سنگین عالمی بحران کو فرو کرنے میں کامیاب ہوا ہے۔ ان شاء اللہ جلد ہی ایران اور امریکہ کے مابین ایک جامع معاہدہ طے پا جائے گا جس کے بعد مشرق وسطیٰ میں کچھ عرصے کے لیے ضرور امن قائم ہو جائے گا اور دنیا کو جنگ کی مختلف طرح کی تباہ کاریوں سے نجات مل جائے گی۔ مستقبل قریب یا بعید میں جب بھی ایران امریکہ جنگ کا ذکر ہوگا پاکستان کا ذکر خود بخود آ جایا کرے گا۔ پاکستان عالمی برادری میں ایک تصفیہ کرانے والے ملک کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے۔ ہماری لیڈر شپ نے اس امر کا عملی ثبوت دیا ہے کہ ہم جنگ کرنا تو جانتے ہیں لیکن دراصل ہم امن پسند ہیں اور پوری دنیا میں امن چاہتے ہیں۔ اس حقیقت سے کوئی چھوٹا بڑا' کوئی پڑھا لکھا اور اَن پڑھ بھی انکار نہیں کر سکتا کہ ایران امریکہ جنگ نے دنیا کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا تھا اور اگر یہ کچھ دن مزید جاری رہتی تو پھر ایسے عالمی بحرانوں اور انسانی المیوں نے جنم لینا تھا جن کا مستقبل قریب میں کوئی حل ممکن نہ ہوتا کیونکہ عالمی بحران بڑھتے تو تیزی سے ہیں لیکن ان کے اثرات کم ہونے میں مہینوں اور بعض اوقات برسوں لگ جاتے ہیں۔

سبھی جانتے ہیں کہ کم و بیش پونے دو ماہ سے جاری اس جنگ کے نتیجے میں توانائی کا بحران پیدا ہو چکا تھا اور ہر گزرتے دن کے ساتھ شدت اختیار کرتا جا رہا تھا۔ توانائی کا بحران آگے مزید کئی بحرانوں کا باعث بننے والا تھا۔ کل کی خبر یہ ہے کہ ایران نے اپنی داخلی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تمام پیٹرو کیمیکل مصنوعات کی برآمدات کو تاحکم ثانی معطل کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ یاد رہے کہ حالیہ جنگ کے دوران اسرائیل نے ایران میں متعدد پیٹرو کیمیکل تنصیبات پر حملے کیے تھے جن میں جنوبی علاقوں عسلویہ اور ماہشہر کی پیٹرو کیمیکل تنصیبات بھی شامل ہیں۔ اس کے نتیجے میں ایران کی پیٹرو کیمیکل مصنوعات کی پیداوار کم ہو چکی تھی۔ اگر یہ جنگ بند نہ ہوتی' اگر آبنائے ہرمز نہ کھلتی' اگر ایران اور امریکہ تصفیے کے قریب نہ پہنچ چکے ہوتے تو یہ بات پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ پیٹرو کیمیکل مصنوعات کا بحران پٹرولیم مصنوعات کے بحران سے بڑا اور شدید بحران ثابت ہوتا اور عالمی معیشت کو زیادہ طاقت کے ساتھ ہٹ کرتا۔ توانائی کا بحران ملوں' کارخانوں اور گھریلو صنعتوں کی بندش کا باعث بنتا اور یہ بندش آگے بے روزگاری کے نئے طوفان کا باعث بنتی۔ یہ ایک معاشی حقیقت ہے کہ بے روزگاری ایک الگ نوعیت کی کساد بازاری کا باعث بنتی ہے۔ ابھی دو روز پہلے ہی عالمی مالیاتی فنڈ یعنی آئی ایم ایف نے خبردار کیا تھا کہ ایران کے خلاف جنگ میں مزید شدت اور عالمی تیل منڈیوں میں مسلسل خلل دنیا کو کساد بازاری کے قریب لے جا سکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق بدترین صورتحال میں توانائی کی منڈیوں کو بار بار جھٹکے لگ سکتے ہیں' جس سے عالمی اقتصادی ترقی کی شرح موجودہ 3.1 فیصد سے کم ہو کر دو فیصد تک آ سکتی ہے۔ جیسا کہ عرض کیا' عالمی کساد بازاری کیا گل کھلاتی ہے' اس سے سبھی آگاہ ہیں۔ بہرحال اب ایسے خدشات اور خطرات سے عالمی برادری کو نجات ملنے والی ہے۔

ایران امریکہ جنگ اور ان سارے بحرانوں کے ہنگام پاکستان کی تین شخصیات ایسی ہیں جنہوں نے حالات کو درست نہج پر لانے کا بیڑا اٹھایا۔ سب سے پہلے متحارب فریقین یعنی امریکہ اور ایران کے ساتھ رابطے کیے گئے اور انہیں ابتدائی مرحلے میں جنگ بندی پر آمادہ کیا گیا۔ یہ طے تھا کہ جنگ بندی نہ ہوتی تو امریکہ نے ایران پر بڑا حملہ کر دینا تھا جو بڑی تباہی کا باعث بنتا۔ جنگ بندی کے بعد پاکستان نے اسلام آباد میں جنگ کے دونوں بڑے فریقین کو بلایا تاکہ وہ باہمی بات چیت کے ذریعے کسی معاہدے تک پہنچ جائیں۔ بدقسمتی سے یہ مذاکرات کچھ نکات پر فریقین کا اتفاق رائے نہ ہونے کی وجہ سے کامیاب نہ ہو سکے۔ کوئی اور ملک ہوتا تو شاید مایوس ہو کر بیٹھ جاتا لیکن وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دونوں ملکوں کے مابین بات چیت کا سلسلہ جاری رکھا۔ دونوں رہنما امریکی حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے جبکہ وزیراعظم نے پہلے سعودی عرب اور پھر قطر اور ترکیہ کے دورے کیے اور وہاں کی قیادت کے ساتھ جنگ کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال پر تبادلہ خیالات کیا۔ کچھ مشورے بھی ہوئے ہوں گے۔ خود فیلڈ مارشل ایران تشریف لے گئے۔ وہاں انہوں نے صدر مسعود پزشکیان سمیت ایران کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ ملاقاتیں کیں اور انہیں امریکہ کے ساتھ مذاکرات کو نتیجہ خیز بنانے پر آمادہ کیا۔ ایران کی امریکہ کے ساتھ مذاکرات کی ایک بڑی شرط یہ تھی کہ لبنان پر اسرائیلی حملے بند کرائے جائیں۔ پاکستان کے کہنے پر صدر ٹرمپ نے نہ صرف یہ حملے بند کرائے بلکہ اسرائیل کو شٹ اَپ کال بھی دی۔ لبنان کے بارے میں الگ پوسٹ میں انہوں نے لکھا: اسرائیل اب لبنان پر بمباری نہیں کرے گا' انہیں امریکہ کی طرف سے ایسا کرنے سے روک دیا گیا ہے' بس بہت ہو چکا۔ اب یہ طے ہے کہ اگر اسرائیل کی جانب سے لبنان پر دوبارہ حملہ نہ ہوا تو ایران امریکہ جنگ بندی اور معاہدہ بھی پکا رہے گا۔ بینجمن نیتن یاہو کو کنٹرول میں رکھنا صدر ٹرمپ کی ذمہ داری ہوگی' حتیٰ کہ ان کے بعد آنے والے صدور کی بھی۔

آبنائے ہرمز کا کھلنا اور امریکہ کی جانب سے ایران کے 20 ارب ڈالر کے منجمد اثاثے جاری کرنے کا عندیہ اس بات کا اشارہ ہے کہ دونوں ملک ایک بڑے' وسیع اور جامع معاہدے کے نزدیک پہنچ چکے ہیں یا یہ معاہدہ ہو چکا ہے اور بس اس کی نوک پلک درست کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر یہ اشارہ درست ہے تو پھر اس خطے اور اپنے ملک پاکستان میں ایک اور تاریخ رقم ہوگی۔ ہو سکتا ہے کہ صدر ٹرمپ ایران کے ساتھ معاہدے پر دستخط کے لیے پاکستان تشریف لائیں اور اگر ایسا ہوا تو وہ اکیلے نہیں آئیں گے' امید ہے کہ ایران کے صدر مسعود پزشکیان' سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان' ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کے ساتھ قطر اور دیگر خلیجی ممالک کی قیادت بھی پاکستان آئے گی۔ اس طرح اسلام آباد ایک اہم عالمی سفارتی مرکز کی شکل اختیار کر جائے گا جہاں بیک وقت کئی اہم عالمی رہنما موجود ہوں گے۔ اس کے نتیجے میں پاکستان پر نہ صرف عالمی اعتماد میں اضافہ ہوگا بلکہ پاکستان کے لیے معاشی اور سفارتی مواقع بھی بڑھ جائیں گے۔ پاکستان کو ایک ایسے ملک کے طور پر دیکھا جانے لگے گا جو صرف سکیورٹی چیلنجز کا سامنا کرنے والا ملک ہی نہیں بلکہ عالمی تنازعات کے حل میں کلیدی کردار ادا کرنے والا ملک بھی ہے۔

ان شاءاللہ۔

جنگ، پٹرول، لوڈشیڈنگ

مسرت قیوم

ڈائیلاگ کا دوسرا دور جب بھی ہوگا۔ لازمی طور پر پاکستان جائے انعقاد بنے گا کیونکہ درپیش معاملات میں دُنیا کا کوئی بھی خطہ ایرانی قیادت کے لیے محفوظ نہیں ہے۔ مزید براں پاکستان کی سفارتی اہلیت، صلح جوئی کی خوبی سب کے ساتھ اچھے تعلقات کی موجودگی سونے پر سہاگا ہے۔ صاف تصویر ہے دُنیا پاگل پن پر مبنی جاہلانہ اقدامات سے سخت نالاں ہے۔ صاف تصویر ہے اب معاشی اور دفاعی حکمت عملی۔ فیصلوں کے نفاذ کی طاقت واحد سپر پاور نے کھودی ہے۔ صاف تصویر ہے کہ چین کا آبنائے ہرمز کے معاملہ اور کھلی دھمکی پر خود کھل کر اپنے مفادات کے تحفظ کا قانون منظور کروانا بہت بڑی پیش رفت ہے اِسی لیے امریکی موقف میں نمایاں نرمی آئی۔ بیانات اور زبان رَسی میں بھی توازن اور استقامت کا فقدان رہا اور رہے گا۔ اِس کے باوجود اب جنگ مزید برداشت کرنا ممکن نہیں رہا۔ مشرق وسطیٰ میں اب چین کا کردار کلیدی ہوگا۔ آنے والے دنوں میں دُنیا کا غالب حصہ عملی میدانوں میں چین کے ساتھ کھڑا دِکھائی دے گا۔ شراکت داری تو پہلے سے چل رہی تھی مگر اب حالیہ ردعمل نے دُنیا کو اُمید دلائی ہے کہ کوئی تو دوسرا بھی ہے جو جارح قوتوں کے قدم اُکھاڑ سکتا ہے۔

قوی چانس ہے کہ جنگ بندی کی مدت میں توسیع ہو جائے گی کیونکہ پوری دُنیا ایک ناجائز، بلا جواز لڑائی میں دھنس گئی ہے سیاست۔ معاشرت سے معیشت تک سبھی کے حالات دِگرگوں کر دیے ہیں نالائق ترین تقلید نے۔ ترقی یافتہ ممالک بوکھلائے پھر رہے ہیں تو تصور کریں مقروض ممالک کے حالات کیا ہوں گے؟ ترقی پذیر ممالک تنزلی کی طرف مُڑ رہے ہوں تو آنے والے حالات کی تصویر کشی کیا جاذب نظر ہو سکتی ہے؟ دنیائے امن کے لیے ساری دُنیا اسرائیلی عوام + امریکی عوام سمیت ایک طرف اور ٹرمپ دوسری طرف اربوں ڈالرز کے اسلحہ کی فروخت۔ اربوں ڈالرز کی آگ بھی ایران کو نہیں جُھکا سکی کیونکہ حق سچا ہوتا ہے۔ عملی مظاہرہ حملہ آور ممالک کے عوام کا سڑکوں پر نکلنا۔ جنگ بند کرنے کا مطالبہ کرنا۔ کیا اب بھی سچائی کا راستہ بند کیا جا سکتا ہے تو آبنائے ہرمز کو کھلوانے کی جنگی دھمکیاں۔ خیر ہمارا تو معاملہ ہی بہت مختلف ہے پاکستان تو پہلے ہی دشوار ترین فیز سے گزر رہا تھا اوپر سے جنگ نے حالات مزید بگاڑ دیے۔ پٹرولیم مد میں عوام کو ریلیف دینے کا شکریہ۔ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینا حق بنتا ہے قرض نہیں۔ احسان نہیں۔ عوام برسوں سے بجلی پانی گیس پٹرول بھاری نرخوں میں خرید رہے ہیں۔ عوامی سبسڈی اور کفایت شعاری پروگرامز کی برابر نگرانی کی اطلاعات پر اطمینان ہے۔ غیر ملکی دوروں پر پابندی کا عوام نے سب سے زیادہ خیر مقدم کیا تھا۔ مانتے ہیں کہ حالیہ اعلیٰ سطح کے دورے واقعی تقاضا ہوں گے حالات کے تناظر میں۔ آئندہ اگر دوروں کی بجائے ٹیلی فونک رابطے کر لیے جائیں تو زیادہ سودمند رہے گا۔ کیونکہ غیر ملکی دُنیا کے احوال بچپن سے ملاحظہ کرتے آئے ہیں ہمیشہ سے مواصلاتی رابطے مؤثر کردار ادا کرتے دیکھے ہیں۔ بس ارادہ اور نیک نیت اشد مجبوری ہے کبھی مسائل ہوتے بھی دیکھے ہیں۔ اور اب بھی کچھ مشکل نہیں ارادہ کر لیا ہے تو کامیابی دُور نہیں۔

پاکستان کے لیے موجودہ دور بہترین مواقع کا مرحلہ ثابت ہو سکتا ہے۔ پاکستان کو چاہیے کہ وہ اپنے قرضے معاف کروا لے دُنیا کا جُھکاؤ ہماری طرف ہے۔ دُنیا دوسری مرتبہ چاند پر پہنچ گئی جبکہ ہم گیس بجلی لوڈشیڈنگ میں پھنسے ہوئے ہیں پورا ملک غیر علانیہ بدترین لوڈشیڈنگ کی زد میں ہے۔ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے آغاز میں تو اتنے جھٹکے لگتے تھے کہ لوگ فریج وغیرہ وغیرہ بند کرنے بھاگ اُٹھتے۔ لوگوں کو کافی مالی خسارے کا سامنا کرنا پڑا۔ کوئی شیڈول نہیں تھا۔ تھوڑی تھوڑی دیر بعد بجلی غائب۔ حالات یہ ہیں کہ گلیاں محلے اندھیرے میں ہیں امن عامہ کی صورتحال تو پہلے ہی کچھ اتنی اچھی نہیں۔ اُوپر سے چوری ڈاکے ڈالنے والوں کے وارے نیارے کر دیے اندھیرے نے۔ قارئین یہ حال ہے پوش علاقوں کا۔ شہروں کے اندرون اور گاؤں کے حالات تو سوچ کر توبہ کر لیں کہ کیا ہوں گے؟ گرمی سر پر ہے۔ سورج کی تپش بڑھ رہی ہے۔ حکومت کفایت شعاری میں بڑا حصہ اشرافیہ کا شامل کرے۔ حکومت کی قربانی قابل تحسین پر اب ضروری ہے کہ ریاست قربانی میں اپنا حصہ بڑھا دے۔ اب آتے ہیں گیس کی طرف۔ دن کے اکثریتی وقت میں چولہوں کی پائپوں سے صرف ہوا نکلتی ہے۔ بہت کم وقت کے لیے گیس کے درشن ہوتے ہیں پھر دوبارہ آنے کی دُعا؟ اس میں مصروف کر کے لمبے وقت کے لیے غائب ہو جاتی ہے۔ براہ کرم پیٹ کی طلب کو پورا کرنے کے ایک اہم ترین عنصر کو نظم و ضبط کا پابند بنائیں۔ جہاں چولہوں کے برنرز 24 گھنٹے آن رہتے ہیں وہاں اوقات کار گھٹا دیں۔ عوام کی طرف ریلیف کی مد میں اضافہ کر دیں۔ اب ایک گھرانہ کتنے وقت کا کھانا بازار سے منگوا کر کھا سکتا ہے؟ جبکہ کھانے پینے کے نرخ ڈبل ہو چکے ہوں۔ لاک ڈاؤن کی اصل صورت یہ ہے کہ 10 بجے ہوٹلز بند بہت اچھا فیصلہ۔ میری تو دُعا ہے کہ ہم دینِ حنیف کے اصل آفاقی اصول۔ فطرت سے ہم آہنگ پالیسی پر ہمیشہ کے لیے کاربند ہو جائیں۔ کتنی بدقسمتی ہے کہ قوم مفت میں میسر قدرتی روشنی کو اپنے سونے کی بدعادت میں ضائع کر دیتی ہے۔ اندھیرے میں جاگنا اور روشنی میں آدھا دن سوئے رہنا۔ اِس سے بڑی ناشکری نہیں ہو سکتی۔ فطرت تو فیاض ہے ہم قدر کرنے والوں میں شامل نہیں۔ واپس آتے ہیں اصل موضوع کی طرف۔ رات کے ایک دو بجے تک ہوم ڈیلیوری جاری ہے۔ کورونا میں بھی یہی چلن تھا۔ اب بھی ایسا ہی ہے۔ میری وزیراعظم صاحب اور وزیراعلیٰ پنجاب کو تجویز ہے کہ 10 بجے سب کچھ بند کر دیں۔ جب آدھی رات تک کھانا پکتا اور فروخت ہوتا۔ کھایا جاتا ہے تو بچت کفایت شعاری تو ممکن نہیں۔ قوم کو ذمہ دار بنانا ضروری ہے قارئین سوچیے ایران گیس لائن منصوبہ مکمل ہو چکا ہوتا تو ملک کہاں سے کہاں جا پہنچتا۔ نہ غیر سرمایہ کاری کی احتیاج رہتی نہ مالیاتی اداروں کے پھندے نما شرائط کی نوبت آتی۔

بنیادی اشیاء کی قیمتوں میں غیر ضروری اضافہ کیوں کیا؟ دکانداروں پر لاکھوں کے جرمانے۔ فضا ایسی کہ انکار کی جسارت نہیں۔ قانون کا نفاذ اتنا شفاف کہ دوبارہ کوئی جرات نہیں کرے گا۔ اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کا محرک زیادہ طلب بنی۔ آسمان سے میزائلوں کی برسات۔ مسلسل بجتے سائرن۔ حقیقی میدان جنگ۔ میدان بھی وہ جو سب سے زیادہ نشانہ بنا۔ اِس کے باوجود عوام کو زک نہیں پہنچنے دی۔ ورنہ کیا مشکل تھا۔ آنکھیں بند کر لی جاتیں مگر بہت فرق ہے۔ ایسا غیر معمولی فرق کہ اِس طرف بم کا زیرہ برابر حصہ بھی نہیں گرا اور تمام اشیاء کے دام آسمان پر اور اُدھر۔ بات ہے متحدہ عرب امارات کی۔ یہ ہوتی ہے ماں جیسی ریاست۔ غیر مسلم ممالک کا تو پہلے کالمز میں ذکر ہو چکا ہے کہ اُنھوں نے جنگ کی بدترین تباہی کی پہلی لہر میں ہی عوام کو مفت ٹرانسپورٹ فراہم کر دی۔ پٹرول پر ٹیکس کم کر کے حقیقی طور پر عوامی نمائندگی کا حق ادا کیا اور پاکستان میں دوسرے فیز میں حکومت بطور خاص وزیراعلیٰ پنجاب نے واقعی عوامی بہبود کے جامع اقدامات کا آغاز کر کے دل جیت لیے۔

شوبز SHOWBIZ

گلوکارہ میگھا نیا ویڈیو گانا ”جان“ آج ریلیز کریں گی

پراجیکٹ کی تیاری کیلئے ٹیم کے ساتھ مل کر دن رات محنت کی، گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ میگھا کا نیا ویڈیو گانا ”جان“ آج (پیر) کے روز ریلیز ہوگا۔ ویڈیو گانے میں ہنکش خان اور ملک خرم نے بطور ماڈل پرفارم کیا ہے۔ گانے کی شاعری اصغر علی گوندی کی ہے جبکہ اس کے ڈائریکٹر پوسمراٹ اور کوریو گرافر وقاص علی اور ذیشان علی جانو ہیں۔ ویڈیو گانے کو میگھا جی آرٹ اینڈ کلچر پروڈکشن ہاؤس کے بینر تلے ریکارڈ کیا گیا ہے۔ میگھا نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نئے گانے کی تیاری کے لئے اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر دن رات محنت کی ہے اور قوی امید ہے کہ پرستاروں کو یہ کاوش ضرور پسند آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ گانے کی ریلیز کے بعد پرستاروں کی رائے کا شدت سے انتظار ہوتا ہے کیونکہ اس سے بڑی رہنمائی ملتی ہے۔

سنجے دت نے عادت گانا فلم کیلئے مانگا تھا، گوہر ممتاز

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے گانے بیک وقت ہٹ ہو سکتے ہیں



کراچی (این این آئی) پاکستانی گلوکار گوہر ممتاز نے انکشاف کیا ہے کہ بالی ووڈ اسٹار سنجے دت نے میرے بینڈ کے مشہور گانے عادت کو اپنی فلم میں شامل کرنے کی خواہش ظاہر کی تھی، تاہم یہ گانا بعد میں بھٹ پروڈکشن کی فلم کا حصہ بن گیا۔ ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے گوہر ممتاز نے بتایا کہ جب میں 19 سال کا تھا تو مجھے سنجے دت کی ٹیم کی جانب سے کال موصول ہوئی تھی، اس وقت میں اپنے بینڈ جل کے ہمراہ ممبئی میں نئے البم کی لانچ کے سلسلے میں موجود تھا۔ انہوں نے کہا کہ میرے منیجر نے بتایا کہ سنجے دت ہمارا گانا عادت اپنی فلم میں استعمال کرنا چاہتے ہیں جس پر ہم سب حیران رہ گئے کیونکہ یہ ہمارے لئے ناقابل یقین بات تھی، تاہم بعدازاں یہ گانا مہیش بھٹ کی فلم میں شامل کر لیا گیا۔ گوہر ممتاز نے بتایا کہ ایک موقع پر میں نے ممبئی میں سنجے دت سے ملاقات بھی کی۔

معین اختر کی برسی 22 اپریل کو منائی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلیوژن، سٹیج اور فلم کے مزاحیہ اداکار اور میزبان معین اختر کی برسی 22 اپریل کو منائی جائے گی۔ وہ بطور فلم ہدایت کار، پروڈیوسر، گلوکار اور مصنف کام کر چکے ہیں۔ پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی سے تعلق رکھنے والے معین اختر نے پاکستان ٹیلی ویژن پر اپنے کام کا آغاز 6 ستمبر 1966 کو پاکستان کے پہلے یوم دفاع کی تقاریب کے لیے کیے گئے پروگرام سے کیا۔ جس کے بعد انہوں نے کئی ٹی وی ڈراموں، سٹیج شوز میں کام کرنے کے بعد انور مقصود اور بشریٰ انصاری کے ساتھ ٹیم بنا کر کئی معیاری پروگرام پیش کیے۔

پاکستان نے اقلیتوں کے حقوق کا خیال رکھا، بینیتا ڈیوڈ

پاکستان میں مسیحی برادری نا صرف اپنے مذہبی تہوار جیسے کرسمس اور ایسٹر مناتی ہے



کراچی (این این آئی) اداکارہ بینیتا ڈیوڈ نے کہا ہے کہ پاکستان نے اقلیتوں کے حقوق کا خیال رکھا، ہمیں مکمل آزادی ہے۔ ایک پوڈ کاسٹ انٹرویو میں اداکارہ نے بتایا کہ پاکستان میں مسیحی برادری نا صرف اپنے مذہبی تہوار جیسے کرسمس اور ایسٹر مناتی ہے بلکہ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ بھی جوش و خروش سے مناتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم مسیحی 4 عیدیں مناتے ہیں اور تمام مذہبی و ثقافتی تقریبات میں بھرپور حصہ لیتے ہیں۔ بینیتا ڈیوڈ نے کہا کہ پاکستان میں مجھے اپنے عقائد کے تحفظ کا احساس، عزت اور روزگار کے مواقع میسر آئے ہیں، پاکستان نے اقلیتوں کے حقوق کا

پہلی فلم میں پرستاروں کی جانب سے بہت اچھا ردعمل ملا

آئندہ کے لئے بھی سوچ بچار کرنے کے موقع ملا ہے، تابش ہاشمی



لاہور (این این آئی) ٹی وی شو کے میزبان و اداکار تابش ہاشمی نے کہا ہے کہ کیریئر کی پہلی فلم میں پرستاروں کی جانب سے بہت اچھا ردعمل ملا ہے جس سے آئندہ کے لئے بھی سوچ بچار کرنے کے موقع ملا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں نے کبھی فلم کے لئے آڈیشن نہیں تھا اس لئے ذہنی طور پر تذبذب کا شکار تھا۔ لیکن فلم میں کام کرنے کے بعد جس طرح کا ردعمل ملا ہے اس سے اطمینان ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں بھی فلموں میں کام کرنے کا ارادہ ہے لیکن اس کے لئے اپنے کردار کا جائزہ لوں گا۔ انہوں نے کہا کہ جہاں تک ٹی وی شو میں میزبانی کا تعلق ہے۔

پریانکا چوپڑا نے پوسٹ میں زندگی کے اہم لحات شیئر کر دیئے

شوہر نک جونس اور بیٹی مالتی میری کے ساتھ خوش گوار لحات دکھائے گئے ہیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ و ہالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا نے سوشل میڈیا پر ایک جذباتی پوسٹ کے ذریعے اپنی زندگی کے اہم لحات اور خودی کے احساس کو بیان کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 43 سالہ اداکارہ نے انسٹاگرام پر ایک ٹرینڈ کو فالو کرتے ہوئے اپنی زندگی کے مختلف ادوار کی تصاویر شیئر کیں، جن میں ان کے کیریئر اور ذاتی زندگی کی جھلکیاں شامل تھیں۔ پریانکا چوپڑا نے اپنی پوسٹ میں 2000 میں مس ورلڈ کا تاج جیتنے کے لمحے کو یاد کرتے ہوئے لکھا کہ میری زندگی اس وقت بدل گئی جب میں نے 18 سال کی عمر میں یہ اعزاز حاصل کیا۔ انہوں نے اپنے بچپن کی تصویر بھی شیئر کی اور حیرت کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ مس ورلڈ، میں؟ اداکارہ نے اپنی فیملی کے ساتھ تصاویر بھی شامل کیں، جن میں ان کے شوہر نک جونس اور بیٹی مالتی میری کے ساتھ خوش گوار لحات دکھائے گئے ہیں۔

استاد بڑے غلام علی خان کی برسی 23 اپریل کو منائی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) برصغیر پاک و ہند کے عظیم کلاسیکل موسیقار استاد بڑے غلام علی خان کی برسی 23 اپریل کو منائی جائے گی۔ وہ ممتاز پٹیالہ گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ استاد بڑے غلام علی خان 4 اپریل 1902 کو قصور میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کے دادا استاد شادی علی خان مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دربار سے وابستہ اور اس کے رتنوں میں شامل تھے۔ ان کے والد علی بخش خان اور چچا کالے خان پٹیالہ گھرانے کے مشہور موسیقار کرنیل فتح علی خان کے شاگرد تھے۔ استاد بڑے غلام علی خان نے موسیقی کی تعلیم اپنے والد استاد علی بخش خان اور چچا استاد کالے خان سے حاصل کی۔

سابق بوائے فرینڈ نے مجھ پر کالا جادو کرنے کا الزام لگایا، کنگنا رناوت

آج جب پیچھے مڑ کر دیکھتی ہوں تو سمجھتی ہوں میں جتنا بہتر کر سکتی تھی میں نے کیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ اور سیاستدان کنگنا رناوت نے انکشاف کیا ہے کہ سابق بوائے فرینڈ نے مجھ پر کالا جادو کرنے کا الزام لگایا تھا۔ بھارتی میڈیا کو انٹرویو میں اداکارہ نے زندگی کے مشکل وقت کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ میرے سابق بوائے فرینڈ نے 26 یا 27 سال کی عمر میں مجھ پر مقدمہ دائر کیا اور میرے بارے میں کہا کہ یہ چڑیل ہے، خون پیتی ہے، یہ تو کالے کمرے میں، کالے پردے لگا کر کالا جادو کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب میرے ساتھ ایسا سلوک کیا جا رہا ہے تو میں انہیں کیوں اچھا ظاہر کروں، میرے پاس انہیں اچھا

سپورٹس SPORTS

کراٹے کھلاڑی راجہ ریحان نے پولینڈ میں چاندی کا تمغہ جیت لیا

راجہ ریحان نے فائنل میں میزبان ملک پولینڈ کے کراٹے کھلاڑی کو ہرا کر سلور میڈل جیتا

وارسک (این این آئی) پاکستانی نژاد کراٹے کھلاڑی راجہ ریحان نے پولینڈ میں سینئرز 60 کلوگرام میں سلور میڈل جیت لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 12 ویں سینٹرل پولینڈ اوپن 2026 میں راجہ ریحان نے جرمنی کی نمائندگی کرتے ہوئے یہ اعزاز حاصل کیا۔ ایونٹ میں 81 ٹیموں اور لگ بھگ 900 کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ سیمی فائنل میں راجہ ریحان کا مقابلہ آذربائیجان کے کراٹے کھلاڑی سے ہوا۔ راجہ ریحان نے فائنل میں میزبان ملک پولینڈ کے کراٹے کھلاڑی کو ہرا کر سلور میڈل جیتا۔

محمد رضوان کا لاہور قلندرز سے شکست کے بعد ناکامی کا اعتراف

میری پرفارمنس اچھی نہیں اسی وجہ سے ٹیم بھی صحیح نہیں کھیلی، میڈیا سے گفتگو



کراچی (این این آئی) پی ایس ایل 11 میں راولپنڈیز کے کپتان محمد رضوان نے لاہور قلندرز سے شکست کے بعد ناکامی کا اعتراف کر لیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راولپنڈیز کے کپتان محمد رضوان نے کہا کہ میری کارکردگی اچھی نہیں میں خود کہتا ہوں میری ٹیم میں جگہ نہیں بنتی۔ انہوں نے کہا کہ میری پرفارمنس اچھی نہیں اسی وجہ سے ٹیم بھی صحیح نہیں کھیلی، میں انسان ہوں اور شاید میری پلاننگ میں کمی تھی، مجھ میں کمی تھی تبھی اچھی کارکردگی نہ دکھا سکا، راولپنڈیز میں اس مرتبہ نوجوان کھلاڑیوں کو اوپر لانا مقصد ہے۔ محمد رضوان نے کہا کہ جب ہارتے ہیں تو مثبت چیزیں لانا مشکل ہو جاتا ہے، مسلسل 7 میچ ہارنے کے بعد بھی مثبت چیزیں نکالنے کی کوشش کرتے ہیں، شاداب خان کا بیک اپ ابھی تک ہمیں نہیں مل سکا، کچھ کھلاڑی ہماری ٹیم سے مثبت انداز سے پاکستان کو مل سکتے ہیں۔ راولپنڈیز کے کپتان نے کہا کہ قسمت شاید ساتھ نہیں دے رہی، کرکٹ بائی چانس ہے ضروری نہیں نتائج ہمیشہ ساتھ دیں، خراب پرفارمنس پر میری ٹیم میں جگہ نہیں بنتی یہ میں خود کہتا ہوں، مجھ سے غلطیاں ہوئیں اس کا مقصد یہ نہیں کہ ہمت ہار بیٹھوں۔ انہوں نے کہا کہ میرے لیے کرکٹ جنون ہے اور میں اس کھیل سے محبت کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بگ بیش میں کہا تھا کہ میری پرفارمنس پر پاکستان ٹیم میں جگہ نہیں بنتی، مجھ سے پرفارمنس نہیں ہوتی تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ میں ہمت ہار جاؤں۔ راولپنڈیز کے کپتان نے کہا کہ میرے لیے کرکٹ جنون ہے۔

پاکستان زمبابوے ویمن سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان

سری لنکا کی نمالی پریرا وائٹ بال سیریز میں فیلڈ ایمپائر کے فرائض انجام دیں گی

لاہور (این این آئی) پی سی بی نے پاکستان زمبابوے ویمن سیریز کے لیے میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا۔ سری لنکا کی نمالی پریرا وائٹ بال سیریز میں فیلڈ ایمپائر کے فرائض انجام دیں گی، کامران چوہدری ون ڈے سیریز میں میچ ریفری، علی نقوی ٹی 20 میں میچ ریفری ہوں گے۔ پہلے ون ڈے میچ میں نمالی پریرا اور ذوالفقار جان آن فیلڈ ایمپائر ہوں گے، طارق رشید تھرڈ ایمپائر ہوں گے جبکہ حمیرا فرح ریزرو ایمپائر ہوں گی۔

نیشنل میراتھن اور سائیکلنگ ریس، شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت

صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر نے سائیکل چلا کر ریس کا افتتاح کیا

لاہور (این این آئی) لاہور میں پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی میراتھن ریس کا انعقاد کیا گیا جس میں بچوں، بڑوں اور خصوصی افراد نے ریس میں حصہ لیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نیشنل سائیکلنگ ریس آغاز صبح 6 بجے لبرٹی چوک سے ہوا، صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر نے سائیکل چلا کر ریس کا افتتاح کیا۔ ملک بھر سے 11 ہزار سے زائد اتھلیٹس اور شہری شریک ہوئے، 21 کلومیٹر میراتھن ریس مردوں کے لیے رکھی گئی، 21 کلومیٹر سائیکلنگ ریس بھی مردوں کے لیے مختص کی گئی۔ خواتین کے لیے 5 کلومیٹر میراتھن، 5 کلومیٹر سائیکلنگ ریس رکھی گئی، 2 کلومیٹر فیملی فن ریس میں فیملیز شریک ہوئیں، ایک کلومیٹر ویل چیئر ریس خصوصی افراد کے لیے مختص کی گئی۔ 21 کلومیٹر مردوں کی سائیکل ریس میں کراچی کے علی الیاس پہلی پوزیشن حاصل کر گئے، لاہور کے عاقب شاہ دوسری پوزیشن پر رہے، کے پی کے ثناءاللہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ 5 کلومیٹر خواتین کی سائیکلنگ ریس، تینوں پوزیشنز کراچی کی خواتین کے نام رہی، خواتین کی ریس میں کراچی کی زینب نے پہلی، انیسا دوسری جبکہ رابی تیسری پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب رہی۔

کرکٹ میچ کھیلتے ہوئے نوجوان دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق

مقامی افراد نے امان اللہ کو ہسپتال منتقل کرنے کی کوشش کی، وہ جان کی بازی ہار گیا

اٹک (این این آئی) اٹک کے علاقے بسال میں کرکٹ میچ کھیلتے ہوئے نوجوان دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق پنڈی گھیب کے گاؤں کسراں کا نوجوان کرکٹر امان اللہ کرکٹ کھیلتے ہوئے دل کا دورہ پڑنے سے زندگی کی بازی ہار گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق نوجوان کرکٹر ریلوے گراؤنڈ بسال میں کرکٹ میچ کھیل رہا تھا کہ دوران بیٹنگ اس کو دل کا دورہ پڑا اور وہ زندگی کی بازی ہار گیا۔ ذرائع کے مطابق مقامی افراد نے اسے ہسپتال منتقل کرنے کی کوشش کی تاہم وہ اس سے قبل ہی جان کی بازی ہار گیا۔

عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار و اشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

دوسرا مرحلہ جمعہ سے پہلے متوقع ہے اور ان کا یہ اندازہ کئی عوامل پر مبنی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق امریکی ایڈوانس ٹیم ایران سے مذاکرات کے دوسرے مرحلے سے قبل پاکستان پہنچ گئی۔ ذرائع کے مطابق ایران اور امریکا مذاکرات کے دوسرے مرحلے کیلئے غیر ملکی وفود کی ایڈوانس ٹیمیں اسلام آباد پہنچنا شروع ہو گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکا کے دو لاجسٹک طیارے نور خان ائیربیس پر اتر چکے ہیں، ائیرپورٹ سے اسلام آباد کے ریڈ زون تک جانے والی سڑکیں عارضی طور پر بند کر دی گئیں جو سکیورٹی کے سخت انتظامات کی نشاندہی کرتی ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ اسلام آباد کے ہوٹلز کو مہمانوں سے خالی کروانے کا فیصلہ کیا گیا، جمعہ تک کسی نئی بکنگ کی اجازت نہیں، دوسری جانب راولپنڈی اور اسلام آباد میں پبلک ٹرانسپورٹ اور ہیوی ٹریفک تاحکم ثانی بند کر دی گئی ہے، اس کے علاوہ پنڈی اسلام آباد میٹرو بس سروس بھی پمز اسٹیشن سے لیکر پاک سیکرٹریٹ تک مکمل بند کر دی گئی ہے۔ قبل ازیں ایران کی صورتحال پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی زیر صدارت گزشتہ روز سچویشن روم میں ہونے والے اجلاس میں صدر ٹرمپ نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایرانیوں سے فون پر بات کی۔ اجلاس میں نائب صدر جے ڈی وینس بھی شریک تھے جنہوں نے اسلام آباد ٹاکس میں امریکی وفد کی قیادت کی تھی اور اگلے مذاکرات بھی انہی کی قیادت میں ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ اجلاس میں موجود دیگر شخصیات میں وزیر خارجہ مارکو روبیو، وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ، وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ، وائٹ ہاؤس کی چیف آف اسٹاف سوزی وائلز کے علاوہ امریکی صدر کے نمائندے اسٹیو وٹکوف، سی آئی اے کے ڈائریکٹر جان ریٹکلف اور جوائنٹ چیفس کے چیئرمین ڈین کین بھی موجود تھے۔ امریکی میڈیا کے مطابق اجلاس میں صدر ٹرمپ نے کم سے کم ایک مرتبہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ایرانیوں سے فون پر بات کی۔ واضح رہے کہ یہ اجلاس ایسے وقت منعقد کیا گیا جب 3 روز بعد امریکا ایران جنگ بندی کی 15 روزہ مدت ختم ہو رہی ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ اسی ہفتے ڈیل متوقع ہے تاہم امریکا ایران مذاکرات کی نئی تاریخ تاحال طے نہیں کی جاسکی اہم امریکی عہدیدار نے بتایا کہ اگر مذاکرات میں بریک تھرو نہ ہوا تو آئندہ چند روز میں جنگ دوبارہ شروع ہو سکتی ہے۔ دریں اثناء امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک امریکی نیوز ویب سائٹ ایگزیوس کو دیے گئے ٹیلیفونک انٹرویو میں ایران کے ساتھ جاری مذاکرات کے حوالے سے اہم پیش رفت کا اشارہ دیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ ایک یا دو دن میں معاہدہ طے پانے کا امکان ہے، امریکا اور ایران کے مذاکرات کار ممکنہ طور پر اسی ہفتے کے آخر میں ملاقات کریں گے، جہاں ایک حتمی معاہدے کو شکل دی جا سکتی ہے۔ ٹرمپ کے مطابق یہ ممکنہ معاہدہ نہ صرف خطے میں کشیدگی کم کرے گا بلکہ اسرائیل کی سیکیورٹی کو بھی یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ امریکی صدر نے لبنان کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ لبنان میں اسرائیلی حملے جنگ بندی کے حصے کے طور پر فوری بند ہوں۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ اسرائیل کو اپنی کارروائیاں روکنا ہوں گی۔ ٹرمپ نے کہا کہ اسرائیل عمارتوں کو تباہ کرنے کا سلسلہ جاری نہیں رکھ سکتا اور امریکا اس کی اجازت نہیں دے گا۔ ان کے اس بیان کو خطے میں جاری کشیدگی کے تناظر میں ایک اہم سفارتی اشارہ قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 2

ٹاؤن میٹرو بس اسٹیشن سے 28 سالہ نوجوان کی فٹ پاتھ کنارے سے لاش برآمد ہوئی، گلبرگ کے علاقہ سے بھی 40 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی۔ جاں بحق ہونے والے تینوں افراد بظاہر نشے کے عادی معلوم ہوتے ہیں جن کی شناخت نہیں ہو سکی۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد ایدھی رضا کاروں نے لاشیں مردہ خانہ منتقل کر دیں۔

بقیہ 3

کی سرکاری قیمت 3500 روپے فی من مقرر کی گئی ہے، جبکہ اوپن مارکیٹ میں گندم 88 روپے فی کلوگرام کے حساب سے دستیاب ہے۔ نجی کمپنیاں آٹا مہنگے داموں فروخت کر رہی ہیں اور فی من آٹے کی قیمت 7200 روپے تک وصول کی جا رہی ہے۔ اسی طرح آٹا 180 روپے فی کلوگرام میں فروخت ہو رہا ہے، جو مقامی سطح پر لاگت سے کہیں زیادہ ہے۔ مقامی منڈی میں گندم کی پسائی 400 سے 500 روپے فی من مقرر ہے، جس کے بعد ایک من آٹا تقریباً 4000 روپے میں تیار ہوتا ہے۔ اس حساب سے فی کلو آٹے کی قیمت 98 سے 108 روپے کے درمیان بنتی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ نجی کمپنیوں کی جانب سے قیمتوں میں اس قدر اضافہ غیر معمولی ہے اور اس پر حکومتی نگرانی ضروری ہے تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 4

آپریشن کیا گیا۔ سکیورٹی فورسز اور خوارج کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، سکیورٹی فورسز نے 5 دہشتگرد جہنم واصل کر دیے۔ ہلاک خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا۔ مارے گئے خوارج بھارتی سرپرستی میں دہشتگردی میں ملوث تھے۔ علاقے میں مزید خوارج کے خاتمے کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔ سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم کیا گیا ہے۔

بقیہ 5

ہسپتالوں کو مشتبہ کانگو کیسز کے سیمپلز پبلک ہیلتھ لیب بھیجنے کی ہدایت کی گئی، عوام کو مویشیوں کے ساتھ احتیاط برتنے کا مشورہ دیا گیا، کانگو وائرس کے مشتبہ مریضوں کے لیے سخت حفاظتی اقدامات کی ہدایت کی گئی، طبی عملے کو پی پی ای اور انفیکشن کنٹرول پروٹوکول پر عمل لازمی قرار دیا گیا، مشتبہ کیسز کے نمونے ٹرپل پیکنگ کے ذریعے لیبارٹری بھجوانے کی ہدایت دی۔ ایڈوائزری میں مویشیوں میں وائرس کی روک تھام کے لیے ٹِک کنٹرول پر زور دیا گیا، کانگو وائرس کی تشخیص کے لیے پی سی آر اور ایلیسا ٹیسٹ کی منظوری دی گئی، محکمہ صحت کے مطابق مویشی پالنے والے افراد اور قصائی حضرات سی سی ایچ ایف کے زیادہ خطرے میں ہیں، سی سی ایچ ایف وائرس متاثرہ خون اور جسمانی رطوبتوں سے منتقل ہوتا ہے، شہری غیر محفوظ گوشت اور بیمار جانوروں سے دور رہیں، ڈاکٹرز نے دستانے اور حفاظتی لباس کے استعمال کی تاکید کر دی۔ حکام کے مطابق ٹِک (چیچڑ) کے کاٹنے سے سی سی ایف ایچ پھیلنے کا خدشہ ہے، مویشیوں کو ذبح سے قبل ادویات اور معائنہ لازمی قرار دینے کی تجویز دیدی گئی۔ ملک میں کانگو کریمین ہیمورایجک بخار کے خطرات ہیں، ماہرین نے احتیاطی تدابیر پر زور دے دیا۔

بقیہ 6

کی جس میں جنگ بندی میں توسیع اور آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کی بحالی پر بات ہوئی۔ یوویٹ کوپر نے کہا کہ برطانیہ پاکستان کے سفارتی کردار کا معترف ہے۔ پاکستان نے مذاکرات میں سہولت کاری میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ دوسری جانب پاکستان کے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پولینڈ کے نائب وزیراعظم نے پاکستان اور پولینڈ کے تعلقات میں مثبت رفتار کو سراہا۔ نائب وزیراعظم نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان نے کہا کہ نائب وزیراعظم کا موجودہ علاقائی اور عالمی مسائل پر بھی گہرائی سے تبادلہ خیال ہوا۔ پولینڈ کے نائب وزیراعظم نے ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی میں سہولت فراہم کرنے میں پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 7

کے قتل میں ملوث ملزمان سگے بھائی ہیں، ایس پی انویسٹی گیشن کینٹ راحیلہ اقبال کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی گئی تھی۔ انچارج انویسٹی گیشن تھانہ ڈیفنس سی عبدالرحمان بٹ نے ٹیم کے ہمراہ ملزمان کو گرفتار کیا۔ ملزمان نے پلاٹ میں کوڑا کرکٹ پھینکنے کی بناء پر شہری کو بیدردی سے قتل کر دیا تھا۔

بقیہ 8

بڑی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں فچ، موڈیز اور ایس اینڈ پی گلوبل کے سینئر عہدیداروں سے ملاقاتوں کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال کے آغاز کے بعد پاکستان کے کلیدی معاشی اشاریے توقع سے زیادہ تیزی سے بہتر ہوئے ہیں، اگرچہ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعات نے نئے خطرات کو جنم دیا ہے اور مجموعی معاشی منظرنامے میں غیر یقینی کیفیت میں اضافہ کیا ہے، تاہم ان ابھرتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے معیشت گزشتہ بحرانی ادوار کے مقابلے میں بہتر حالت میں ہے۔ یاد رہے کہ یہ ملاقاتیں 13 سے 18 اپریل 2026 کے دوران آئی ایم ایف اور عالمی بینک کی اسپرنگ میٹنگز کے موقع پر ہوئیں۔ اس دوران گورنر اسٹیٹ بینک نے آئی ایم ایف اور عالمی بینک گروپ کی قیادت کے ساتھ اہم دوطرفہ ملاقاتیں بھی کیں۔ گورنر نے شرکا کو آگاہ کیا کہ پاکستان نے مشرق وسطیٰ کا تنازع شروع ہونے سے قبل ہی معیشت کے استحکام کی جانب نمایاں پیش رفت کر لی تھی۔ انہوں نے زور دیا کہ محتاط زری اور مالیاتی پالیسیوں کے امتزاج سے مالیاتی اور بیرونی ذخائر کو مضبوط بنانے میں مدد ملی جس کے نتیجے میں مہنگائی میں کمی آئی اور اسے ہدف کی حد میں مستحکم رکھا جاسکا۔ ان کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی نو ماہ کے دوران مہنگائی کی اوسط شرح 7.5 فیصد رہی، بیرونی کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس رہا جبکہ اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ کر 16.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئے۔ اس اضافے کی ایک بڑی وجہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے انٹربینک مارکیٹ سے زرمبادلہ کی خریداری تھی۔ گورنر جمیل احمد نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک کی مسلسل خریداریوں اور سرکاری رقوم کی آمد، جن میں نئے دوطرفہ مالی انتظامات بھی شامل ہیں، کے باعث جون 2026 تک زرمبادلہ کے ذخائر کے تقریباً 18 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہتر معاشی استحکام نے بتدریج، پائیدار اور وسیع البنیاد معاشی بحالی میں کردار ادا کیا، مالی سال 2026 کی پہلی ششماہی میں حقیقی جی ڈی پی کی شرح نمو بڑھ کر 3.8 فیصد رہی، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 1.8 فیصد تھی، ان کے مطابق محتاط پالیسی سمت کے باعث پاکستان کے ابتدائی حالات آج گزشتہ بیرونی دھچکوں، جیسے 2022 میں روس۔یوکرین تنازع کے وقت، کے مقابلے میں کہیں زیادہ مضبوط ہیں تاہم گورنر نے واضح کیا کہ بہتر ابتدائی حالات کے باوجود معیشت کو اب مشرق وسطیٰ کی حالیہ پیش رفت کے باعث پیدا ہونے والے چیلنجز کا سامنا ہے، جن میں عالمی سطح پر توانائی کی قیمتوں، باربرداری اور بیمہ کے اخراجات میں نمایاں اضافہ شامل ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسٹیٹ بینک اور حکومت قیمتوں کے استحکام کو برقرار رکھنے اور معاشی استحکام کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات سے گریز نہیں کریں گے۔ گورنر اسٹیٹ بینک کے مطابق زری پالیسی حقیقی پالیسی ریٹ کو بڑی حد تک مثبت رکھنے کے اصول پر محتاط انداز میں جاری رکھی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومت نے ابتدائی مالیاتی سرپلس بھی حاصل کیے ہیں۔ موجودہ تنازعات کے تناظر میں حکومت نے ہدفی سبسڈیز متعارف کرائیں اور طلب کو قابو میں رکھنے کے لیے کفایت شعاری کے اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے آئی ایم ایف کے ساتھ توسیعی فنڈ سہولت کے تیسرے جائزے اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی سہولت کے دوسرے جائزے کے لیے عملے کی سطح کے معاہدے کے ساتھ ساتھ ایک بڑی ریٹنگ ایجنسی کی جانب سے کریڈٹ ریٹنگ کی توثیق کا بھی حوالہ دیا، جسے انہوں نے معاشی استحکام اور اصلاحاتی ایجنڈے کے لیے حکومت اور اسٹیٹ بینک کے عزم کا اعتراف قرار دیا۔ اپنے دورے کے دوران گورنر جمیل احمد نے ترسیلاتِ زر اور روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (آر ڈی اے) روڈ شو کے موقع پر پاکستانی تارکینِ وطن اور متعلقہ عالمی فریقوں سے ملاقاتیں بھی کیں۔ انہوں نے بتایا کہ 9 لاکھ 17 ہزار سے زائد آر ڈی اے اکاؤنٹس میں مجموعی رقوم 12.4 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے آر ڈی اے کے ضوابطی فریم ورک میں حالیہ بہتریوں کا خاکہ پیش کیا، جن میں غیر مقیم اداروں کی شمولیت بھی شامل ہے، جس کا مقصد پاکستان کو عالمی مالی منڈیوں سے مزید مربوط کرنا اور ملک میں بڑے پیمانے پر غیر ملکی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

بقیہ 9

ہلاک ہو گیا جب کہ پولیس ملازم زخمی ہوا۔ واقعہ کے بعد پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ چکی ہے۔ مسلح حملہ آور کو روکنے کی کوشش کی تو اس نے فائرنگ شروع کر دی۔ جہلم پولیس نے کہا کہ نامعلوم حملہ آور کو ہلاک کر دیا گیا، ملزم کی تاحال شناخت نہیں ہوئی ہے۔ جہلم پولیس کے ترجمان کاشف کیانی نے بتایا کہ انجینئر محمد علی مرزا قرآن وسنت ریسرچ اکیڈمی کے باہر تھے جہاں وہ لیکچر دیتے ہیں، ایک شخص 9 ایم ایم پستول لے کر احاطے میں آیا، زمین پر لیٹ گیا اور فائرنگ کر دی۔ جہلم کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) چوہدری شفیق نے بتایا کہ پولیس نے جوابی فائرنگ کی جس سے حملہ آور موقع پر ہی مارا گیا، انہوں نے کہا کہ حملے کے دوران انجینئر محمد علی مرزا محفوظ رہے۔ کاشف کیانی نے اس بات کی تصدیق کی کہ حملے کے دوران عالم دین کی سیکیورٹی ٹیم میں شامل ایک پولیس اہلکار زخمی ہوا۔ کانسٹیبل کے پاں میں گولی لگنے سے جسے جہلم ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال لے جایا گیا جہاں اس کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے۔ ایس ایس پی چوہدری شفیق جو کہ حملے کے وقت سیکیورٹی تعینات تھے متحرک تھے اور مزید سخت کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حملہ آور کی شناخت کے لیے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) سے مدد لی جائے گی۔

بقیہ 10

کر دی گئی ہے۔ ننکانہ صاحب تھانہ واربرٹن کی حدود میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ڈیری سیفٹی ٹیموں نے پولیس کے ہمراہ بڑی کارروائی کی جیسلانی موڑ پر ناکہ بندی کے دوران دو سپلائر گاڑیاں کو روکا گیا گاڑیوں میں لاہور سپلائی کے لیے لے جایا جانے والا دودھ چیک کیا گیا تو سیمپل فیل ہو گیا۔ ترجمان فوڈ اتھارٹی کے مطابق ایک ہزار لٹر سے زائد ملاوٹی دودھ موقع پر ہی تلف کر دیا گیا جبکہ ذمہ داروں پر بھاری جرمانہ بھی عائد کیا گیا ترجمان کا کہنا ہے کہ ناقص اور مضر صحت دودھ لاہور منتقل کیا جارہا تھا جسے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنایا گیا صارفین کو دھوکہ دینے اور جعلسازی میں ملوث عناصر کے خلاف مقدمات درج کیے جارہے ہیں مزید کہا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر ملاوٹ مافیا کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں جبکہ دودھ سپلائرز کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مقرر کردہ قوانین پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 11

صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ گرمیوں میں صاف پانی کے یقینی فراہمی کیلئے فلٹریشن پلانٹس مکمل فعال کروائے جا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں شاہراہوں اور گلیوں کی تعمیر کا جال بچھایا جا رہا ہے۔ قائد میاں محمد نواز شریف اندرون لاہور کے مسائل کو حل کرنے کیلئے ذاتی دلچسپی لے رہے ہیں۔ بلال یاسین کا مزید کہنا تھا کہ رواں مالی سال میں پنجاب کی تاریخ کے ریکارڈ ترقیاتی کام مکمل کیے جائیں گے۔ انشاء اللہ اگلا مالی سال بھی ترقیاتی و فلاحی کاموں کی نئی مثال لائے گا۔

بقیہ 12

چھت سے بجلی کی تار پر بیٹھے کبوتر کو پکڑتے ہوئے 28 سالہ نوجوان عبدالقیوم جانبحق ہو گیا جس کی نعش کو ریسکیو کر کے ورثا کے سپرد کر دیا گیا۔

بقیہ 13

سیکرٹری حج محمد بخش سانگی نے عازمین حج کو رخصت کیا۔ سردار محمد یوسف نے بہترین سہولیات کی فراہمی وتعاون پر خادم حرمین شریفین، ولی عہد محمد بن سلمان، سعودی وزیر حج عمرہ ڈاکٹر توفیق بن ربیعہ اور سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اسلام آباد سے روانہ ہونے والے پاکستانی عازمین حج نے حکومت پاکستان کی کاوشوں پر شکریہ ادا کیا۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 2026 کی پہلی حج پرواز ہے، عازمین کو سرزمین حجاز روانہ کیا گیا، ہر حاجی کے لیے یہ لمحہ زندگی کے یادگار ترین لمحات میں سے ایک ہے۔ انہوں نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان اور ولی عہد محمد بن سلمان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے سعودی وژن 2030 اور وزیر حج ڈاکٹر توفیق الربیعہ کی کاوشوں کا اعتراف کیا۔ سردار یوسف نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مثالی تعاون سے حج انتظامات مکمل کیے گئے، حکومت پاکستان کی اولین ترجیح عازمین کو سہولت اور باوقار سفر کی فراہمی ہے۔ انہوں نے روڈ ٹو مکہ منصوبے کو عازمین کے لیے انقلابی سہولت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر سعودی امیگریشن اور سفری مراحل مکمل کیے جا رہے ہیں، اس سہولت سے عازمین براہ راست اپنی رہائش گاہوں تک پہنچ سکیں گے۔ سردار یوسف نے بتایا کہ اسلام آباد سے 36 ہزار اور کراچی سے 29 ہزار 800 عازمین مستفید ہوں گے جبکہ پہلی بار لاہور سے بھی 30 ہزار عازمین روڈ ٹو مکہ سہولت حاصل کریں گے۔ مجموعی طور پر 95 ہزار 800 پاکستانی عازمین اس جدید سہولت سے فائدہ اٹھائیں گے، کل عازمین کا 80 فیصد روڈ ٹو مکہ منصوبے سے مستفید ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر حج انتظامات مزید بہتر بنائے گئے، ہر 188 عازمین کے ساتھ تربیت یافتہ ناظم مقرر کیا گیا۔ منیٰ، عرفات اور مزدلفہ میں عازمین کی مکمل رہنمائی یقینی بنائی جائے گی جبکہ ہر حاجی کو سعودی عرب پہنچتے ہی مفت سعودی سم فراہم کی جائے گی۔ لانگ حج کے لیے 40 جی بی انٹرنیٹ سہولت دی جائے گی۔ وفاقی وزیر مذہبی امور نے کہا کہ 24 ہزار حجاج کو ہائی اسپیڈ ٹرین کے ذریعے سفر کی سہولت فراہم کی جائے گی، مکہ اور مدینہ کے درمیان جدید ٹرین سروس کا آغاز کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال 1 لاکھ 19 ہزار سرکاری حجاج کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے، تمام سرکاری حجاج کو مدینہ میں مرکزیہ کے قریب رہائش دی جائے گی۔ حج صرف عبادت نہیں بلکہ روحانی تربیت کا ذریعہ ہے۔ سردار یوسف نے حجاج کرام کو صبر اور نظم و ضبط کے ساتھ حج مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سعودی قوانین کی پابندی ہر حاجی پر لازم قرار دے۔ انہوں نے خدام الحجاج کی ہدایات پر عمل کرنے کی تاکید بھی کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حجاج پاکستان کے سفیر ہیں، مثبت کردار ادا کریں۔ انہوں نے سعودی قیادت کا حجاج کی خدمت پر خصوصی شکریہ ادا جبکہ شاہ سلمان کی سرپرستی میں حجاج کی خدمت کو سراہا گیا۔

بقیہ 14

زخمی ہوا۔ زخمیوں میں 25 سالہ عاقب، 25 سالہ نور خان، 21 سالہ شہریار اور 30 سالہ عمر شامل ہیں۔ ریسکیو ٹیموں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا۔

بقیہ 15

ریٹ لسٹ سے زائد قیمت وصول کرنے والے دکانداروں پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے ہیں۔ چوہدری شفقت محمود کی قیادت میں، پرائس لسٹ آویزاں نہ کرنے والے دکانداروں کے خلاف موقع پر ہی کارروائی کی گئی۔ چوہدری شفقت محمود کی یہ کاوشیں نہ صرف عوام کو انصاف کی فراہمی کی امید دیتی ہیں بلکہ ایک مثبت تبدیلی کا باعث بھی بن رہی ہیں، جہاں ہر شہری کو برابری اور تحفظ کا یقین دلایا جا رہا ہے۔

بقیہ 16

میں لینڈ سلائیڈنگ کے سدباب کے لئے عالمی ماہرین کی خدمات حاصل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مڈ فلو ڈاؤن ہل اماکلٹ کے سدباب کے لئے فوری اقدامات کی ہدایت کی اور چنا موڑ، دریا گلی، بانسرہ گلی نمل، جھیکا گلی اور دیگر علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے متاثرین کی امداد اور بحالی کے لئے اقدامات کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مری میں تین نئے ہاسپٹیلٹی زون قائم کرنے کی منظوری دی گئی۔ مری کے مضافاتی علاقے شوالا، سوزو اور بروری ہاسپٹیلٹی زون قائم کیے جائیں گے۔ نئے ہاسپٹیلٹی زون میں نجی شعبے کے اشتراک سے 5 سٹار معیار کے ہوٹل بنائے جائیں گے۔ اجلاس میں مری بحالی پراجیکٹ کے لئے ماہرین کی ٹیم تشکیل دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تجاوزات کی زد میں آکر گرائی جانے والی عمارتوں کا ملبہ فوری طور پر ہٹانے ہدایت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ مری کی جھیکا گلی روڈ اور رچ بل روڈ کی دس، دس فٹ توسیع کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایک ماہ تک مری گلاس ٹرین پراجیکٹ کے تعمیراتی امور کے آغاز کا ہدف مقرر کر دیا گیا۔ خصوصی اجلاس میں مری میں تین نئے پارکس کے قیام کے پراجیکٹ کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو انگوری روڈ پارک، ایم آئی ٹی پارک اور اریاڑی پارک کوٹلی ستیاں پراجیکٹ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ مری کی بانسرہ گلی میں زولوجیکل گارڈن، زولوجیکل گارڈن ایکوزون، برج کراسنگ اور سٹیٹ آف دی آرٹ کانفرنس روم بنایا جائیگا۔ وائلڈ لائف کے تحفظ کے لئے بیئر (ریچ) ٹائیگر ہاؤس، برڈ آئیوری کا قیام عمل میں لاجا رہا ہے۔ چیوڑاہل پر مری کا پہلا گلیمپنگ پوڈ ویلیج قائم ہوگا۔ مری کو سیاحوں کی توجہ کا مرکز بنانے کے لئے سٹیٹ آف دی آرٹ گلیمپنگ پوڈ ویلیج بنایا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چیوڑاہل گلیمپنگ پوڈ ویلیج کا انتظام و انصرام پرائیویٹ سیکٹر کے سپرد کرنے کی منظوری بھی دے دی۔ اجلاس میں چیوڑا میں پیراگلائیڈنگ کلب پراجیکٹ کی باقاعدہ منظوری دی گئی۔ اس موقع پر کوٹلی ستیاں چیئر لفٹ پراجیکٹ، پنجاب ہاؤس اور فارسٹ ریسٹ ہاؤس اور دیگر پراجیکٹ کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ضلع مری میں دریا جہلم سے "بلک واٹر سپلائی سکیم" کی فزیبلٹی رپورٹ 30 اپریل تک مکمل کرنے کا حکم دیا۔ ڈی سی ظہیر شیرازی نے بریفنگ میں بتایا گیا کہ مری اور کوٹلی ستیاں میں 1876 ہزار گھروں میں رین واٹر ہارویسٹنگ سسٹم کامیابی سے جاری ہے۔ مری اور کوٹلی ستیاں کے علاقوں میں خواتین اور بچوں کو دور سے پانی لانے کی مشقت سے نجات ملی ہے۔ دھار جاوا اور ڈونگا گلی میں واٹر سپلائی سکیم مکمل ہو گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں پہلا فیسلیٹی مینجمنٹ یونٹ قائم کرنے کی اصولی منظوری دے دی۔ اجلاس میں سیکرٹری تعمیرات و مواصلات راجہ جہانگیر انور سے فیسلیٹی مینجمنٹ یونٹ کے بارے میں تفصیلی پلان طلب کیا گیا۔ فیسلیٹی یونٹ صوبہ بھر میں مختلف مقامات پر قائم پنجاب ہاؤس اور دیگر عمارتوں کی تعمیر و مرمت اور مینجمنٹ سنبھالے گی۔

بقیہ 17

حاصل یا برقرار رکھے ہوئے ہیں وہ نہ صرف قانون کی سنگین خلاف ورزی کے مرتکب ہو رہے ہیں بلکہ قانونی نظام کے وقار کو بھی مجروح کر رہے ہیں۔ ایسے تمام وکلاء کو حتمی اور غیر توسیعی مہلت دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ایسے وکلاء 15 مئی 2026 تک اپنے لائسنس رضا کارانہ طور پر واپس جمع کرا دیں اور مذکورہ ڈیڈ لائن کے بعد کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔ مزید کہا گیا ہے کہ مقررہ مدت گزرنے کے بعد نہ صرف متعلقہ وکلاء کے لائسنس نہ صرف منسوخ کر دیئے جائیں گے بلکہ ان کے خلاف فوجداری مقدمات بھی درج کیے جائیں گے جس کے نتیجے میں گرفتاریوں اور مزید قانونی کارروائی کا بھی امکان ہے۔ پنجاب بار کونسل نے پنجاب لیگل پریکٹیشنرز اینڈ بار کونسل رولز 2023 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ بیک وقت ملازمت یا کاروبار کے ساتھ وکالت جاری رکھنا صریحاً ممنوع ہے اور اس کی خلاف ورزی کو پیشہ ورانہ بددیانتی تصور کیا جائے گا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ وکلاء جو سرکاری یا دیگر اداروں میں خالصتاً قانونی نوعیت کی خدمات انجام دے رہے ہیں اور جن کی ذمہ داریاں قانون سے براہ راست جڑی ہوئی ہیں انہیں اس پابندی سے استثنا حاصل ہوگا۔ وائس چیئرمین خواجہ قیصر بٹ اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فخر حیات اعوان نے اس اقدام کو قانونی پیشے میں احتساب، شفافیت اور پیشہ ورانہ دیانت کے فروغ کے لیے "زیرو ٹالرنس پالیسی" قرار دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اس فیصلے پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا اور کسی بھی دباؤ یا سفارش کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔

بقیہ 18

سے لالچ دیکر ورغلا کر گھر لے گیا جہاں پر اس کے ساتھ نازیبا حرکات کرتا رہا اور بچے کے ساتھ زبردستی بدفعلی کرنے کی کوشش کرتا رہا بچے کے والدین اس کو تلاش کر رہے تھے کہ اچانک سے گلی میں گھر سے بچے کی شور کی آواز سنی تو ملزم اسحاق بچے کو چھوڑ کر فرار ہو گیا جس پر تھانہ سٹی پولیس نے ملزم کے خلاف والد محمد فیصل کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی۔

بقیہ 19

سائیکلوں کے تصادم میں بھاگٹانوالہ کے چک 74 جنوبی کا نوجوان 22 سالہ علی حسن موقع پر جانبحق اور تین افراد چک 127 جنوبی کے 45 سالہ محمد راشد، اس کی بیوی 35 سالہ شبنم بی بی اور ان کا 6 سالہ بچہ محمد عمیر شدید زخمی ہو گئے جن کو ریسکیو کر کے ٹی ایچ کیو ہسپتال سلانوالی منتقل کر دیا گیا اور پولیس موقع پر پہنچ کر مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 20

ہیں، ایک ایرانی سفارتی ذرائع نے بتایا کہ میرا انہیں خیال کہ پیر کو مذاکرات ہو رہے ہیں۔ اس سے قبل یہ اطلاعات گردش کر رہی تھیں کہ شاید پیر کو مذاکرات کا دوسرا دور پاکستان کے دارالحکومت میں ہوگا۔ اس قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ بھی دعویٰ کر چکے ہیں کہ وہ ایران کے ساتھ کسی معاہدے کے بہت قریب پہنچ چکے ہیں تاہم ایرانی میڈیا پر شائع ہونے والی تفصیلات کے مطابق دونوں ممالک میں اب بھی کچھ معاملات پر اختلاف پایا جاتا ہے۔ جب ایرانی سفارتی ذرائع سے پوچھا گیا کہ مذاکرات کا اگلا دور کب ہونا ہے تو ان کا کہنا تھا کہ ابھی تک تاریخ کا فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

بقیہ 21

ٹاؤن میٹرو بس اسٹیشن سے 28 سالہ نوجوان کی فٹ پاتھ کنارے سے لاش برآمد ہوئی، گلبرگ کے علاقہ سے بھی 40 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی۔ جاں بحق ہونے والے تینوں افراد بظاہر نشے کے عادی معلوم ہوتے ہیں جن کی شناخت نہیں ہو سکی۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد ایدھی رضا کاروں نے لاشیں مردہ خانہ منتقل کر دیں۔

بقیہ 22

دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع میں 8 مثالی گاؤں قائم کیے جا رہے ہیں، جن میں سے 5 دیہات میں کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ اجلاس میں تمام پارلیمنٹیرینز کے فوکل پرسنز بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے منصوبے پر سست رفتار پیش رفت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ کام کی رفتار تیز کی جائے، جبکہ جن علاقوں میں فوکل پرسنز کی جانب سے زمین کی نشاندہی نہیں کی گئی، انہیں فوری طور پر مکمل کیا جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے معین الدین پور سیداں میں جاری ماڈل ویلج پراجیکٹ کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر پولیٹیکل سیکرٹری تیمور بٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ تصور وڑائچ اور ڈویژنل کوآرڈینیٹر ماڈل ویلج پروگرام محمد عبداللہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 23

ایڈووکیٹ، مولانا سید فہیم الحسن، مولانا عبدالودود اور حافظ سلیم عابد شامل تھے۔ ملاقات میں امن و امان کی صورتحال اور اتحاد بین المسلمین کے فروغ بارے تبادلہ خیال ہوا۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب صوبہ بھر میں اتحاد بین المذاہب اور اتحاد بین المسلمین کو فروغ دے رہی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر تمام مکاتب فکر کے جید علماء سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے آئمہ کرام کیلئے اعزازیہ پروگرام انتہائی خوش آئند ہے۔ جامعۃ الرشید میں طلباء کو دی جانے والی دینی و دنیاوی تعلیم کے نظام سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ چاہتے ہیں کہ پنجاب میں دینی مدارس ملکی ترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔ پاکستان میں امن کو خراب کرنے کی بھارتی منصوبے کی الحمدللہ مسلسل ناکام ہو رہے ہیں۔ ایران امریکہ مذاکرات میں اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بڑی عزت سے نوازا ہے۔ ہمارے لئے ریاست کی سلامتی سب سے اہم ہے۔ علماء کرام معاشرے میں امن، برداشت اور بھائی چارے کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ معزز علماء کرام ہمیشہ امن کے فروغ اور باہمی رواداری کا درس دیتے ہیں۔ لوگوں کو دین کی صحیح روح سے آگاہ کرنا علماء کرام کی عظیم خدمت ہے۔ پنجاب میں قیام امن اولین ترجیح ہے۔ پیٹرن انچیف جامعۃ الرشید مفتی عبدالرحیم نے اپنے اظہار خیال میں بتایا کہ ریاست کی مضبوطی کیلئے علماء کرام کا کردار انتہائی اہم ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے اتحاد بین المسلمین کی کاوشوں کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ مکالمہ اور باہمی مشاورت کے ذریعے مسائل کا حل ہی معاشرتی استحکام کی ضمانت ہے۔ مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کے فروغ کیلئے حکومت کیساتھ ہر ممکن تعاون جاری رہے گا۔ پاکستان میں قیام امن سے اغیار کے تمام شیطانی منصوبے اپنی موت آپ مر جائیں گے۔ ملاقات کے اختتام پر ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کیلئے دعا کی گئی۔

بقیہ 24

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ان کا استقبال کیا۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 25

ہوئی جس میں ممبر صوبائی اسمبلی احمد شہریار اور کمشنر فیصل آباد مسرت جبین نے شرکت کی۔ صدر فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فاروق یوسف شیخ بھی تقریب میں موجود تھے۔ ایئرپورٹ منیجر تسنیم

عالمی یومِ ہیموفیلیا کے موقع پر پُروقار کانفرنس کا انعقاد

اس کانفرنس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات نے شرکت کی اور اس کارِ خیر کو سراہا

ہیموفیلیا جیسے مرض میں مبتلا بچوں کی مدد کے لیے اس طرح کے اقدامات نہایت ضروری ہیں، ایم ایم علی

سیالکوٹ (نمائندہ عوامی للکار) دیا ویلفیئر آرگنائزیشن سیالکوٹ کی جانب سے عالمی یومِ ہیموفیلیا کے موقع پر ہیموفیلیا کا شکار بچوں کے علاج اور ان کے لیے فنڈ ریزنگ کے مقصد سے ایک اہم کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اس کانفرنس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی نمایاں شخصیات نے شرکت کی اور اس کارِ خیر کو سراہا۔ تقریب میں دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی سینئر وائس چیئرپرسن راحیلہ اشرف کی خصوصی دعوت پر بانی و صدر اپووا، ایم ایم علی نے بطور مہمان خصوصی اپووا وفد کے ہمراہ شرکت کی، اس موقع پر بانی اپووا نے (بقیہ نمبر 30)

دیا ویلفیئر آرگنائزیشن سیالکوٹ کی جانب سے عالمی یوم ہیموفیلیا کے موقع پر ہیموفیلیا کا شکار بچوں کے علاج اور ان کے لیے فنڈ ریزنگ کے مقصد سے ایک اہم کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی سینئر وائس چیئرپرسن راحیلہ اشرف اور بانی و صدر اپووا، ایم ایم علی شریک ہیں

محکمہ خوراک میں گھپلوں کا ریکارڈ غائب کردیئے جانے کا انکشاف

پی ٹی آئی دور میں محکمہ خوراک نے مالی بدعنوانیوں کے 22 کیسز کا ریکارڈ ہی فراہم نہ کیا

لاہور (این این آئی) محکمہ خوراک میں بڑے پیمانے میں ہونے والے گھپلوں کا ریکارڈ غائب کر دیئے جانے کا انکشاف ہوا ہے، تحریک انصاف کے دور میں (بقیہ نمبر 31)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے شہر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس پر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

راولپنڈی، 5 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر کے 36 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ پیرودھائی، بنی، صادق آباد، ریس کورس اور چکلالہ کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی، 2 منشیات سپلائر گرفتار، 3 کلو 840 گرام چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ واہ کینٹ پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 3 کلو 840 گرام چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ واہ کینٹ پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 2 منشیات سپلائر کو گرفتار کر لیا، منشیات سپلائر سے 3 کلو 840 گرام چرس برآمد ہوئی، واہ کینٹ پولیس نے الگ الگ مقدمات (بقیہ نمبر 33)

وزیراعظم کی پیٹرولیم کے شعبے کی حمایت جاری رکھنے پر مشکور ہیں

قیمتوں کو مستحکم رکھنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیٹرولیم کے شعبے کی حمایت جاری ہے اور قیمتوں کو مستحکم رکھنے اور توازن برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، عالمی جنگی صورتحال کے (بقیہ نمبر 34)

ایس پی ایوان صدر کا مختلف پوائنٹس پر سکیورٹی ڈیوٹی کا جائزہ

افسران و جوانوں کو ڈیوٹی کی نوعیت سے متعلق بریفنگ، الرٹ رہنے اور ذمہ داری کیساتھ فرائض کی ادائیگی یقینی بنانے کی ہدایات

سکیورٹی ڈیوٹی کے دوران غفلت ناقابل برداشت ہوگی اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار رہیں

اسلام آباد (این ای این) ایس پی جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ اور ایس پی ایوان صدر، پارلیمنٹ ہاؤس نے مختلف پوائنٹس پر سکیورٹی ڈیوٹی کا جائزہ لے کر افسران و جوانوں کو ڈیوٹی کی نوعیت سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے الرٹ رہنے اور ذمہ داری کے ساتھ فرائض کی ادائیگی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی (بقیہ نمبر 35)

خواتین ونگ پارٹی کی مضبوطی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے

تمام اضلاع میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنایا جائے، روبینہ خالد

اسلام آباد (این این آئی) صوبائی صدر پی پی پی کے پی خواتین ونگ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ خواتین ونگ پارٹی کی مضبوطی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، تمام اضلاع میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنایا جائے۔ صوبائی صدر پی پی پی خواتین ونگ سینیٹر (بقیہ نمبر 36)

اٹھارویں آئینی ترمیم جمہوری تاریخ کا سنگِ میل ہے، ایمل ولی خان

اسلام آباد (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ 19 اپریل کا دن پاکستان کی جمہوری تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے، جو صرف ایک آئینی ترمیم نہیں بلکہ طویل جدوجہد، قربانیوں اور پختہ عزم کی علامت ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اٹھارویں آئینی ترمیم کے ذریعے صوبوں کو ان کے حقوق، اختیارات اور خیبر پختونخوا کو شناخت ملی، جو تاریخی پیشرفت ہے۔ ایمل ولی خان (بقیہ نمبر 37)

تجارتی خسارے میں 23 فیصد اضافہ، 28 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

پہلے نو ماہ کے دوران درآمدات کا مجموعی حجم 50 ارب 65 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق تجارتی خسارے میں 30 فیصد اضافہ دیکھا گیا جو تقریباً 28 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال درآمدات میں 6.89 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، پہلے نو ماہ کے (بقیہ نمبر 38)

ڈی پی او جہلم کی کھلی کچہریاں، 5 افسران معطل، متعدد ایس ایچ اوز تبدیل

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق جہلم پولیس میں بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ، غفلت برتنے والے پولیس لائن منتقل

عوام کی خدمت اور پولیس کی کارکردگی میری اولین ترجیح ہے، غفلت برداشت نہیں کی جائے گی ڈی پی او جہلم شفیق احمد چوہدری

جہلم (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم شفیق احمد چوہدری نے ضلع بھر میں عوامی مسائل کے فوری حل اور پولیس و شہریوں کے درمیان روابط مضبوط بنانے کے لیے کھلی کچہریوں کے سلسلے کا آغاز کر دیا۔ گزشتہ 3 دنوں کے دوران تھانہ سٹی، سول لائنز، صدر، چوٹالہ، جلالپور شریف، دینہ، ڈومیلی اور سوہاوہ سمیت 8 مختلف مقامات پر کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا۔ ان کچہریوں میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور (بقیہ نمبر 39)

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم شفیق احمد چوہدری ضلع بھر میں منعقدہ کھلی کچہریوں میں عوامی مسائل سن رہے ہیں

ایس ایس پی انویسٹیگیشن محمد عثمان طارق بٹ کا مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں

پسند کی شادی کرنے والا جوڑا مبینہ پولیس گردی کا شکار

نکاح کے بعد لڑکی کے والدین راضی ہو گئے تاہم لڑکے کے والد نے انکار کیا

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی میں پسند کی شادی کرنے والا جوڑا مبینہ پولیس گردی کا شکار ہوا جس پر متاثرہ جوڑے نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے انصاف کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق 23 سالہ محمد عثمان نے 20 سالہ میمونہ سے گزشتہ سال 17 ستمبر کو کورٹ میرج کی تھی۔ نکاح کے بعد لڑکی کے والدین راضی ہو گئے تاہم لڑکے کے والد نے (بقیہ نمبر 40)

موبائل لائسنسنگ وینز کا ہفتہ واری شیڈول جاری

موبائل پولیس سٹیشن و لائسنسنگ وینز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں

راولپنڈی (این ای این) سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی سربراہی اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کی ہدایات پر موبائل پولیس سٹیشن و لائسنسنگ وینز عوام الناس کی خدمت میں کوشاں ہے، آؤٹ ریچ پروگرام کے تحت دور دراز سے تعلق رکھنے والے شہریوں کی رہنمائی و سہولت کیلئے موبائل لائسنسنگ وینز کا ہفتہ واری شیڈول جاری کر دیا گیا۔ موبائل پولیس وینز سوار کو فاطمہ مسجد چاکرہ روڈ، چونگی نمبر 8 صادق (بقیہ نمبر 41)

تھانہ ترنول پولیس ٹیم نے گمشدہ بچے کی اطلاع ملنے پر بھرپور کوشش سے بچے کو بحفاظت تلاش کر کے ورثاء کے حوالے کر دیا

بھارت عالمی تنہائی کا شکار، پاکستان عالمی توجہ کا مرکز بن گیا

عالمی دنیا میں پاکستان کی سفارتی کامیابیاں مزید نمایاں ہوں گی

مسلم لیگ ق کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات و ترجمان مصطفیٰ ملک کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات و ترجمان غلام مصطفیٰ ملک نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی متوازن حکمت عملی اور کامیاب سفارتکاری کے باعث عالمی توجہ کا مرکز بن چکا ہے، اللہ تعالیٰ نے سیاسی و عسکری قیادت کی بہترین حکمت عملی سے پاکستان کو ممتاز مقام عطا کیا ہے۔ اتوار کے روز مسلم لیگ میڈیا سنٹر سے جاری ہونے والے بیان میں مصطفیٰ ملک نے کہا کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور وزیراعظم کے حالیہ دورے جرات مندانہ اقدام اور بہترین سفارتی کوششیں ثابت ہوئے ہیں۔ امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کردار پوری قوم کے لیے اعزاز ہے۔ غلام مصطفیٰ ملک نے کہا کہ مودی کی اسرائیل نواز پالیسی نے بھارت کی نام نہاد اسٹریٹجک خودمختاری کو بے نقاب کر دیا ہے، جبکہ (بقیہ نمبر 42)

چوری کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار

جرائم پیشہ عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، ایس پی پوٹھوہار

راولپنڈی (این ای این) تھانہ نصیر آباد پولیس نے ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، زیر حراست گینگ سے مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی رقم 28 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، زیر حراست افراد کو (بقیہ نمبر 43)

تھانہ نصیر آباد پولیس کی کارروائی، زیر حراست گینگ سے مسروقہ موٹر سائیکل، چھینی گئی رقم برآمد

تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس ٹیم کی بڑی کارروائیاں

لاکھوں روپے مالیت کے 15 موٹر سائیکلز برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کیے گئے

اسلام آباد (این ای این) ایس ایچ او تھانہ انڈسٹریل ایریا اور اس کی ٹیم نے کامیاب کارروائیاں کی ہیں۔ تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس ٹیم نے موٹر سائیکل چوری میں ملوث گروہ کے 02 ارکان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کے 15 موٹر سائیکل برآمد کیے گئے۔ برآمد شدہ موٹر سائیکلز کی چابیاں اصل مالکان کے حوالے کی گئیں۔ سیف سٹی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی سے موٹر سائیکل چور گروہ کا سراغ لگایا گیا۔ منظم (بقیہ نمبر 44)

تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس برآمد شدہ موٹر سائیکلز کی چابیاں مالکان کے حوالے کر رہے ہیں

اسلام آباد، 8 اشتہاریوں سمیت 22 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

1625 گرام چرس، 671 گرام آئس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 8 اشتہاریوں سمیت 22 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 1625 گرام چرس، 671 گرام آئس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ دومن، تھانہ ... تھانہ شالیمار (بقیہ نمبر 45)

میاں انجم نثار کی مدت مکمل، سارک چیمبر کی نئی قیادت کا اعلان

سارک چیمبر کا صدر نیپال سے جبکہ نائب صدر پاکستان سے عاطف اکرام شیخ منتخب ہوگئے

لاہور (این این آئی) سارک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر میاں انجم نثار کی ... عاطف اکرام شیخ کو نائب صدر پاکستان ... اس موقع پر ... مختلف ممالک (بقیہ نمبر 46)

ایڈیٹر انچیف ۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

اسحاق ڈار کی بیرون ممالک کے وزرا سے اہم ملاقات

ایران جنگ سے متعلق تبادلہ خیال، پاکستان نے مذاکرات میں سہولت کاری میں اہم کردار ادا کیا ہے، برطانوی وزیر داخلہ

پولینڈ کے نائب وزیراعظم نے ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی میں سہولت فراہم کرنے میں پاکستان کی کوششوں کو سراہا

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر داخلہ اور پولینڈ کے نائب وزیراعظم نے پاکستانی نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے ملاقات کی جس میں جنگ بندی میں توسیع اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ برطانوی وزیر داخلہ یوویٹ کوپر نے اسحاق ڈار سے اہم ملاقات کی جس میں جنگ بندی میں توسیع اور آبنائے ہرمز میں جہازرانی کی بحالی پر بات ہوئی۔ یوویٹ کوپر نے کہا کہ برطانیہ پاکستان کے سفارتی کردار کا معترف ہے۔ پاکستان نے مذاکرات میں سہولت کاری میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ دوسری جانب پاکستان کے ترجمان دفتر خارجہ (بقیہ نمبر 47)



سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی پولیس افسران سے میٹنگ کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی پولینڈ کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سے ٹیلیفون پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے پولینڈ کے نائب وزیر اعظم و وزیرِ خارجہ رادوسلو سکورسکی نے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماں نے پاکستان اور پولینڈ کے درمیان تعلقات میں مثبت پیش رفت کو سراہا اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر علاقائی اور عالمی امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پولینڈ کے نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ (بقیہ نمبر 48)

جعلی دودھ کی بڑی کھیپ تلف، سپلائر ٹینکر ضبط، مقدمہ درج

آپریشن کے دوران 4 ہزار 400 لٹر جعلی دودھ تلف کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر ملاوٹ مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن کے دوران 4 ہزار 400 لٹر جعلی دودھ تلف کر دیا گیا ہے۔ کارروائی کے دوران سرائے مغل میں ایک سپلائر ٹینکر کو روکا گیا جو جعلی دودھ لاہور سپلائی کے لیے (بقیہ نمبر 57)

چیئرمین سینیٹ سے روانڈا کی ہائی کمشنر کی ملاقات

دوطرفہ تعاون کے فروغ پر اتفاق، ملتان کے آم عالمی سطح پر مقبول ہیں

ملتان (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے روانڈا کی ہائی کمشنر نے ملتان میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور روانڈا کے درمیان دوطرفہ تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ افریقی ممالک کے ساتھ (بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد: 2026ء کی پہلی سہ ماہی میں 597 سرچ آپریشنز

362 افغان شہریوں سمیت 3 ہزار 383 مشکوک افراد کو تھانوں میں منتقل کیا گیا، ترجمان پولیس

ملزمان سے 12 کلاشنکوف، 4 رائفلز، 8 بندوقیں، 5 کلو چرس، 6 کلو ہیروئن، 5 کلو آئس اور شراب بھی برآمد کی گئی

سی پی او خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر گرجا گھروں کی سکیورٹی کے لئے پولیس افسران الرٹ کھڑے ہیں

اسلام آباد (این ای این) پولیس نے اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں کیے گئے سرچ آپریشنز کی تفصیلات بتا دیں۔ ترجمان پولیس کے مطابق سرچ آپریشنز جرائم پیشہ عناصر اور غیر قانونی طور پر ملک میں مقیم افراد کے خلاف کیے گئے۔ ترجمان پولیس نے بتایا کہ 2026ء کی پہلی سہ ماہی میں 597 سرچ آپریشنز کیے، ان آپریشنز کے دوران 57 ہزار 961 افراد اور 25 ہزار 25 گھرانوں کو چیک کیا گیا، 6 ہزار 871 دکانوں اور 2 ہزار 188 ہوٹلوں کی بھی تلاشی لی گئی۔ ترجمان پولیس کے مطابق آپریشنز کے (بقیہ نمبر 50)

دیر لوئر، ہوم ورک نہ کرنے پر استاد کا طالب علم پر تشدد

دونوں بازو توڑ ڈالے، مقدمہ درج، ٹیچر گرفتار کر لیا گیا

لوئر دیر (این این آئی) صدیقہ باندہ عشیرئی درہ کے گورنمنٹ پرائمری اسکول کے طالب علم پر تشدد کر کے استاد نے دونوں بازو توڑ ڈالے۔ ٹیچر کے تشدد سے طالب علم کے دونوں بازوں فریکچر ہوئے جس پر پلاستر چڑھا دیا گیا۔ پولیس نے مقدمہ (بقیہ نمبر 52)

آتش بازی کیلئے سامان لے کر جانیوالا ملزم گرفتار

10 ڈبیاں ماچس پٹاخے، 5 انار، پھلجھڑیاں اور شوٹس پٹاخے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ گوجر خان پولیس نے آتش بازی کیلئے سامان لے کر جانے والا ملزم گرفتار کر کے 10 ڈبیاں ماچس پٹاخے، 5 انار، پھلجھڑیاں اور شوٹس پٹاخے برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 53)



تھانہ گوجر خان پولیس کی کارروائی زیر حراست شخص سے 10 ڈبیاں ماچس، پٹاخے برآمد

راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کئے، سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کرتے رہے، ایلیٹ کمانڈوز اور تھانوں کی موبائلز کی خصوصی ٹیموں نے علاقے میں (بقیہ نمبر 51)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ایرانی ہم منصب عباس عراقچی سے ٹیلیفونک گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ اتوار کو وزارت خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ مسائل کے جلد حل اور خطے سمیت عالمی سطح پر امن و استحکام کے فروغ کے لیے مسلسل مکالمہ اور رابطہ ناگزیر ہے۔ دونوں رہنماں نے قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔ دونوں (بقیہ نمبر 54)

گندم کے کھیتوں میں شارٹ سرکٹ سے آگ کے واقعات بڑھ گئے

گزشتہ روز گندم کے کھیتوں میں آگ لگنے کے 4 واقعات رپورٹ ہوئے ہیں، گندم کی فصل مکمل طور پر تیار ہو چکی ہے

زیادہ تر واقعات شارٹ سرکٹ کے باعث رپورٹ ہو رہے ہیں، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار

ننکانہ صاحب (این این آئی) ضلعی ہیڈ کوارٹرز پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب میں گندم کے کھیتوں میں بڑھتے ہوئے آگ کے واقعات کو کنٹرول کرنے اور نقصانات میں کمی لانے کے حوالے سے ایک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے کہا کہ گزشتہ روز گندم کے کھیتوں میں آگ لگنے کے 4 واقعات رپورٹ ہوئے ہیں۔ گندم کی فصل مکمل طور پر تیار ہو چکی ہے زیادہ تر واقعات شارٹ سرکٹ کے باعث رپورٹ ہو رہے ہیں۔ کسان گندم (بقیہ نمبر 55)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان کا منسٹرانکلیو اسلام آباد میں عشائیہ

سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سمیت اہم شخصیات بھی عشائیہ میں شریک ہوئیں

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے منسٹرانکلیو اسلام آباد میں عشائیہ دیا، جس میں سیاسی، پارلیمانی و سماجی شخصیات اور سینئر صحافیوں نے شرکت کی۔ سینیٹ سیکرٹریٹ کے مطابق سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سمیت اہم شخصیات بھی عشائیہ میں شریک ہوئیں۔ یہ عشائیہ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے ذاتی حیثیت میں دیا تھا۔ اس موقع پر ملکی صورتحال، معیشت اور عوامی فلاح پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ عشائیہ میں شریک شخصیات نے قومی یکجہتی اور موثر حکمرانی کی ضرورت پر زور دیا اور وزیراعظم محمد شہباز شریف اور انکی ٹیم کے اقدامات کو سراہا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور انکی ٹیم کی (بقیہ نمبر 56)